عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز پیر 16 نومبر 2026ء/ 5 جمادی الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 229

ای سی او وزرائے خارجہ کونسل کا دو روزہ اجلاس اسلام آباد میں شروع ہو گیا

اجلاس میں شرکت کے لئے اقتصادی تعاون تنظیم کے متعدد رکن ممالک کے وزرائے خارجہ، وفود کے سربراہان، ای سی او سیکرٹریٹ اور ای سی او کے ذیلی اداروں کے نمائندے پہلے ہی اسلام آباد پہنچ گئے ہیں

اسلام آباد میں ای سی او وزارتی اجلاس کا عنوان ریوائیونگ ریجنلزم فار اے ریزیلیئنٹ ای سی او رکھا گیا ہے اقتصادی تعاون تنظیم کے وزرائے خارجہ کونسل کا باقاعدہ اجلاس (آج) پیر کو ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کونسل کا 30واں دو روزہ اجلاس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شروع ہو گیا۔ اجلاس میں شرکت کے لئے اقتصادی تعاون تنظیم کے متعدد رکن ممالک کے وزرائے خارجہ، وفود کے سربراہان، ای سی او سیکرٹریٹ اور ای سی او کے ذیلی اداروں کے نمائندے پہلے ہی اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔ اجلاس میں اقتصادی تعاون تنظیم (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 میں 60 سے زائد ممالک کی شرکت

13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے ، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026 کی اختتامی تقریب میں شرکت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

نئے صوبوں کا قیام، وفاقی حکومت کی ریفرنڈم کیلئے تیاری مکمل

وزیراعظم شہباز شریف کا پارلیمنٹ سے اجازت حاصل کرنے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم کرانے کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں اس ضمن میں وفاقی حکومت نے آئینی اور قانونی مشاورت مکمل کر لی، سیاسی جماعتوں کی مطلوبہ حمایت نہ ملنے کی صورت (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس

پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خا | رجہ محمد اسحاق ڈار نے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے سیکرٹری جنرل اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن ڈاکٹر اسد مجید خان ملاقات کر رہے ہیں

مسلم دنیا کی 500 بااثر شخصیات کی فہرست، شہباز شریف اور فیلڈ مارشل پہلے نمبر پر

سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد محمد بن سلمان مشترکہ طور پر پہلے نمبر پر، پہلی مرتبہ پانچ شخصیات مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن کیلئے منتخب

پاکستان سے معروف عالم دین مفتی محمد تقی عثمانی اور مولانا طارق جمیل بھی 500 بااثر شخصیات میں شامل ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) اردن کے رائل اسلامک اسٹریٹجک اسٹڈیز سینٹر نے مسلم دنیا کی 500 بااثر شخصیات کی فہرست جاری کر دی، جس میں وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن دی گئی ہے۔ جاری فہرست کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

گورنر خیبر پختونخوا کا صوبے میں سونے کی کان کنی کی تمام سرگرمیاں فوری معطل کرنے کا اعلان

ہرماہ غیر قانونی کاروبار سے حاصل ہونے والی رقم کا بڑا حصہ افغانستان منتقل کیا جا رہا تھا، انکشاف

پشاور (جی این ایم) ورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے صوبے میں سونے کی کان کنی کی تمام سرگرمیاں فوری طور پر معطل کرنے کا اعلان کر دیا۔ پشاور میں پریس کانفرنس (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پٹرولیم سبسڈی اسکیم کا دائرہ بہت وسیع، جلد ختم کیا جائے، آئی ایم ایف

تیل مہنگا ہونے پر حکومتی امداد محدود، عارضی اور مستحق افراد تک ہونی چاہیے، اخراجات مالی سال 27-2026 کے منظور شدہ بجٹ کی حدود میں پورے کئے جائیں

مشرق وسطیٰ جنگ پاکستان کی معیشت کے لئے بڑا خطرہ ہے، پاکستان کی پالیسی ترجیحات میں معاشی استحکام برقرار ہے، ترجمان کا انٹرویو

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان پر پیٹرولیم مصنوعات پر دی جانیوالی سبسڈی کے خاتمے کیلئے زور دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حکومت مستقبل میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے پر عوام کو ریلیف دینا چاہے تو یہ امداد محدود، عارضی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

چنیوٹ، ٹریکٹر ٹرالی اور الیکٹرک بائیک کے درمیان تصادم، 2 بہنیں جاں بحق

ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں موقعہ پر پہنچ گئیں، لاشیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر منتقل

چنیوٹ (جی این ایم) چنیوٹ میں ٹریکٹر ٹرالی اور الیکٹرک بائیک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو بچیاں جاں بحق ہو گئیں۔ جھمرہ روڈ اسلامیہ گراؤنڈ کے قریب اینٹوں سے لدی ٹریکٹر ٹرالی اور الیکٹرک بائیک میں تصادم کے نتیجے میں دو بہنیں موقع پر جاں بحق ہو گئیں . حادثے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



راولپنڈی: وزیراعظم، فیلڈ مارشل و دیگر نوشکی میں شہادت نوش کرنے والے میجر عمر ناصر منہاس شہید اور حوالدار محمد عدنان خان شہید کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

جمہوریت میں اپوزیشن کا کردار اہم ہے: بلاول بھٹو

دونوں رہنماؤں نے ملک میں آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری نظام کے تسلسل اور عوامی مسائل کے حل کے لیے باہمی رابطے برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، پارلیمانی امور اور حالیہ سیاسی پیش رفت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے چیئرمین پیپلز پارٹی کو ٹیلیفون کیا، جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے ملک میں درپیش سیاسی چیلنجز اور اپوزیشن کو درپیش مسائل پر گفتگو کی۔ اس موقع پر بلاول بھٹو زرداری نے جمعیت علمائے اسلام کے خلاف مبینہ حکومتی اقدامات، سیاسی انتقام اور پارٹی قیادت و کارکنوں کو نشانہ بنائے جانے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جمہوری معاشروں میں حکومت کو اپوزیشن کی تنقید برداشت کرنے کا حوصلہ رکھنا چاہیے، کیونکہ جمہوریت اور پارلیمانی نظام کے استحکام میں ایک ذمہ دار اپوزیشن کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے اور سیاسی معاملات کو دباؤ یا انتقامی (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم ہوگا، دسمبر اہم ہے، مصطفیٰ کمال

اندرون سندھ سمیت پاکستان بھر کے مظلوم نئے صوبوں کی تشکیل کے لئے کراچی والوں کی جانب دیکھ رہے ہیں، وفاقی وزیر

نئے صوں کے مخالفین اس شہر اور صوبے کی لسانی اکائیوں کو آپس میں لڑانا چاہتے ہیں، پارٹی ذمہ داران اور کارکنان سے خطاب

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت اور ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم ہوگا اور دسمبر کا مہینہ انتہائی اہم ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان ڈسٹرکٹ سینٹرل کے ذمہ داران اور کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ مہاجروں کو اپنے دل بڑے کرنا ہوں گے، تمام مذاہب اور زبانیں بولنے والوں کو گلے لگانا ہماری ذمہ داری ہے۔ اندرون سندھ سمیت پاکستان بھر (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

نئے صوبوں کا قیام اب قومی مطالبہ بن چکا ہے: محمد علی درانی

پاکستان میں چھوٹے صوبوں کے قیام اور مقامی حکومتوں کی ضرورت ایک بڑا تنازع بن چکی ہے

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر محمد علی درانی نے کہا ہے کہ پاکستان میں چھوٹے صوبوں کے قیام اور مقامی حکومتوں کی ضرورت ایک بڑا تنازع بن چکی ہے، اس وقت بڑے حکمران اور چھوٹے صوبے آمنے سامنے آ گئے ہیں، نئے صوبوں کے قیام کی تحریک بہاولپور سے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستان کا بھارت میں ہونے والے ایس سی او اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

پاکستان 20 سے 22 نومبر تک نئی دہلی میں منعقد ہونے والے ایس سی او کے تہذیبی مکالمے میں شرکت کرے گا،

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے بھارت میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کر لیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق پاکستان 20 سے 22 نومبر تک نئی دہلی میں منعقد ہونے والے ایس سی او کے تہذیبی مکالمے میں شرکت کرے گا، جس کے لیے وفاقی وزیر مصدق مسعود ملک کو نامزد کیا گیا ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ اجلاس میں (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

شہباز شریف سے آصف علی زرداری کی ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

وزیراعظم نے صدر مملکت کو اپنے دورہ ترکیہ اور 31 ویں کانفرنس آف پارٹیز میں شرکت کے حوالے سے آگاہ

لاہور (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری ماڈل ٹاؤن میں وزیراعظم شہباز شریف کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں وزیراعظم نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت کو اپنے دورہ ترکیہ اور 31 ویں کانفرنس آف پارٹیز میں شرکت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ دونوں (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

یوم اعلانِ آزادی فلسطین، پاکستان کا آزاد خودمختار ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ

صدر زرداری کا فلسطینی ہم منصب کے نام خط، ریاست فلسطین کے اعلانِ آزادی کی 38 ویں سالگرہ پر مبارکباد

حکومت اور پاکستانی عوام اس اہم موقع پر فلسطینیوں اور ان کی حکومت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے فلسطینی ریاست کی آزادی کے اعلان کی 38 ویں سالگرہ کے موقع پر فلسطین کی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ سماجی پلیٹ فارم (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

آئل اینڈ گیس کمپنیوں کیلئے دسمبر 2026 سے ڈیجیٹل انوائسنگ لازمی قرار

اسلام آباد (جی این ایم) آئل اینڈ گیس کمپنیوں کیلئے دسمبر 2026 سے ڈیجیٹل انوائسنگ لازمی قرار دے دی گئی۔ ایف بی آر (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

عوامی شمولیت سے پاکستان میں شمسی توانائی کے انقلاب کی راہ ہموار ہو رہی ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں عوامی شمولیت کے ذریعے شمسی توانائی کا انقلاب برپا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)



اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کیساتھ 25 اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے جوڈیشل افسران کا گروپ فوٹو

سہیل آفریدی اور بابر سلیم سواتی سمیت 9 ارکان اسمبلی کی حراست آئینی عدالت میں چیلنج

منتخب نمائندوں کو حراست میں رکھنا عوام کے انتخابی مینڈیٹ کو غیر مؤثر بنانے کے مترادف ہے، موقف

اسلام آباد (جی این ایم) سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی سمیت 9 ارکان اسمبلی کی گرفتاری اور حراست کو وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس نے منتخب نمائندوں کی فوری رہائی کے لیے آئینی درخواست دائر کر دی۔ ایڈووکیٹ معظم بٹ کی وساطت سے گرفتاری اور حراست کے خلاف درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

حنیف عباسی سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور کی ملاقات

ملاقات میں باہمی دلچسپی اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزارت ریلوے میں ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



شہید ذیرہ بگٹی: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی چچی و میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جوڈیشل افسران وقار اور پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھیں، چیف جسٹس

چین کے جدید کیس مینجمنٹ نظام اور ٹیکنالوجی کا بغور جائزہ لیں، میرٹ اور محنت کی حوصلہ افزائی سے ضلعی عدلیہ کی استعداد میں اضافہ ہوگا

چیف جسٹس آف پاکستان سے چین جانے والے 25 جوڈیشل افسران کی ملاقات، دور دراز علاقوں میں فرائض انجام دینے والوں کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے چین کے تربیتی دورے کے لیے منتخب 25 بہترین کارکردگی کے حامل جوڈیشل افسران نے ملاقات کی، چیف جسٹس آف پاکستان نے جوڈیشل افسران کو چین روانگی سے قبل خصوصی بریفنگ دی۔ سپریم کورٹ کے شعبہ تعلقات عامہ کی جانب سے اتوار کو جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان بھر سے منتخب 25 جوڈیشل افسران کا پہلا وفد دو ہفتوں کے عدالتی تبادلے اور تربیتی پروگرام میں شرکت کے لیے چین جائے گا، جوڈیشل افسران کا انتخاب متعلقہ ہائی کورٹس کی مشاورت سے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی اور خدمات کی بنیاد پر کیا گیا ہے اور وفد میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے جوڈیشل افسران سمیت سپریم کورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

عالمی بینک نے صوبہ سندھ کیلئے 30 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی بینک نے صوبہ سندھ کیلئے 30 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے جاری اعلامیہ کے مطابق سندھ کے دیہی علاقوں کے 15 لاکھ افراد کو صاف پانی، صفائی اور حفظان صحت (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

مولانا فضل الرحمان کے بھائی اور جے یو آئی کے مرکزی رہنما کے مالی معاملات میں بڑے تضادات

پشاور (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے بھائی اور جے یو آئی کے مرکزی رہنما ضیاالرحمٰن کی ویلتھ اسٹیٹمنٹ میں اہم مالیاتی سوالات اور (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

ایئر چیف مارشل کا دورہ، ازبک دفاعی و فضائی قیادت سے ملاقاتیں

عسکری تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں اشتراکِ عمل کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال

تاشقند (جی این ایم) پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے جمہوریہ ازبکستان کے سرکاری دورے کے دوران وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل بوتر قدرت خوجالیف بہرومووچ اور نائب وزیر دفاع و کمانڈر ایئر ڈیفنس اینڈ ایئر فورس، میجر جنرل برخانوف احمد جومولووچ سے اعلیٰ سطح کی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ دفاعی تعلقات، عسکری تعاون اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں اشتراکِ عمل کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے تین آئل ٹینکر ٹکرا گئے، پاسدارانِ انقلاب

اقوامِ متحدہ کا آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر میں محفوظ بحری آمدورفت بحال کرنے پر زور

تہران، نیویارک، بغداد (جی این ایم) ایران کی بحریہ اور پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگوں سے ٹکرانے کے نتیجے میں مجموعی طور پر تین آئل ٹینکروں میں آگ بھڑک اٹھی ۔ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کی بحریہ نے ایک بیان میں کہا کہ کچھ دیر قبل دو آئل ٹینکرز نے اپنے ریڈار اور لوکیشن سسٹم بند کر رکھے تھے اور غیر مجاز راستے سے خفیہ طور پر آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے، اس دوران وہ بحری بارودی سرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر منعقدہ تقریب میں استقبالیہ خطاب کر رہے ہیں

جوڈیشل افسران وقار اور پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھیں، چیف جسٹس

سعودی عرب کی جانب آنے والے 2 میزائل اور 3 ڈرون فضا میں تباہ

یمنی سرکاری افواج کے حوثی باغیوں کے خلاف 723 حملے، جنگجوؤں اور رہنماؤں سمیت 321 افراد ہلاک و زخمی، 117 گاڑیوں اور فوجی ساز و سامان کو نقصان پہنچا

گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران حوثی باغیوں کے خلاف مجموعی طور پر 723 حملے اور کارروائیاں کی گئیں، یمنی سرکاری افواج کے ترجمان ماجد عبداللہ النزیلی

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی اتحادی افواج نے یمن کی حوثی ملیشیا کی جانب سے ریاض پر داغے گئے دو بیلسٹک میزائلوں کو تباہ کر دیا گیا، جبکہ مملکت کے مشرقی صوبے کی طرف آنے والے تین ڈرون بھی مار گرائے گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ڈیفنس کی جانب سے اتوار کی صبح 4 بج کر 8 منٹ پر ریاض کے رہائشیوں کو فضائی خطرے سے متعلق الرٹ جاری کیا گیا، چند منٹ بعد زوردار دھماکوں کی آوازیں (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

چنیوٹ: وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ منعقدہ کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کی سیاسی شخصیات نے جرائم پیشہ گروہ کی سرپرستی کی، اختیار ولی

متعدد سیاسی شخصیات نے کوہاٹ میں سرگرم ایک مبینہ جرائم پیشہ گروہ کو تحفظ فراہم کر رکھا تھا، جس کے عوض بھتہ وصول کیا جاتا تھا

صوبائی وزیر امجد آفریدی سے منسلک ایک دوسرے گروہ کے افراد بھی اس مبینہ نیٹ ورک کا حصہ تھے، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر

پشاور (جی این ایم) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان نے الزام عائد کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کی متعدد سیاسی شخصیات نے کوہاٹ میں سرگرم ایک مبینہ جرائم پیشہ گروہ کو تحفظ فراہم کر رکھا تھا، جس کے عوض بھتہ وصول کیا جاتا تھا۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے دعویٰ کیا کہ اس گروہ کی سرپرستی کرنے والوں میں تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شہریار آفریدی، سینیٹر خرم ذیشان، گمبٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

صوابی کے عوام نے تحریک انصاف کے خلاف فیصلہ سنا دیا: امیر مقام

صوبے میں انتظامی حوالے سے ہونے والی تبدیلیوں کو عوام نے من و عن تسلیم کیا ہے

صوابی (جی این ایم) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ صوابی کے عوام نے تحریک انصاف کے خلاف فیصلہ سنا دیا ہے، عوام کے جذبے اور پیار محبت پر مشکور ہوں۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام نے کہا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹ بولنے والے صوابی کے عوام کا جذبہ دیکھ لیں، صوبے میں انتظامی حوالے سے ہونے والی تبدیلیوں کو عوام نے من و عن تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے مفاد کے منصوبوں کو آگے لے کر جائیں گے، خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)



شہید ذیرہ بگٹی: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ اور سابق رکنِ صوبائی اسمبلی میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کی نمازِ جنازہ کے روز شمالی ذیرہ بگٹی میں ادا کر دی گئی۔ نمازِ جنازہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے علاوہ ہزاروں شہریوں، قبائلی عمائدین، سیاسی شخصیات اور سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاقے کے مختلف طبقات (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ کی نمازِ جنازہ شمالی ذیرہ بگٹی میں ادا کر دی گئی

نمازِ جنازہ میں وزیراعلیٰ، قبائلی عمائدین اور شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت، مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا

ذیرہ بگٹی (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی چچی محترمہ اور سابق رکنِ صوبائی اسمبلی میر طارق بگٹی کی والدہ ماجدہ کی نمازِ جنازہ ہفتے کے روز شمالی ذیرہ بگٹی میں ادا کر دی گئی۔ نمازِ جنازہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے علاوہ ہزاروں شہریوں، قبائلی عمائدین، سیاسی شخصیات اور سرکاری افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاقے کے مختلف طبقات (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

ضلع کوہلو میں بدترین لوڈشیڈنگ سے زراعت کا شعبہ تباہی کے دہانے پر، کاروباری سرگرمیاں مفلوج

مختلف فیڈرز سے بجلی کے کھمبے اور تار چوری ہونے لگے، ٹیوب ویل سولرائزیشن منصوبے میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کرائی جائیں

کوہلو (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں طویل عرصے سے جاری بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث زراعت کا شعبہ شدید متاثر ہو کر تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے، جبکہ بجلی کی عدم فراہمی کے باعث کاروباری سرگرمیاں بھی مفلوج ہو کر رہ گئی ہیں۔ دوسری جانب مختلف فیڈرز کے بجلی کے تار اور کھمبے بھی غائب ہونے لگے ہیں، مقامی صحافی سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)



اسلام آباد: پاک چائنا سینٹر میں اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن کونسل آف منسٹرز کے 30 ویں اجلاس کے میڈیا فیسیلیٹیشن سینٹر کا منظر

بی این پی رہنماؤں کی نئے سی ای او کیسکو میر مجیب الرحمان مری سے ملاقات

موسیٰ بلوچ اور غلام نبی مری کی نئے عہدے پر تعیناتی پر مبارکباد

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ اور سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے کیسکو ہیڈ آفس، زرغون روڈ کوئٹہ میں کیسکو کے نئے تعینات ہونے والے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر میر مجیب الرحمان مری سے ملاقات کی۔ اس موقع پر بی این پی کے رہنماؤں نے انہیں چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ملاقات کے موقع پر کمپنی سیکرٹری سید احمر، عبدالسلام مینگل، (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پاکستان کو عالمی معدنی قوت بنانے کیلئے حکومت فوری اقدامات کرے، عوام کا مطالبہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستانی عوام نے حکومت سے معدنی ذخائر کو بروئے کار لانے اور معاشی خود انحصاری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کرنے پر زور دیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ٹرمپ فی الحال ایران کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع نہیں کرنا چاہتے، امریکی میڈیا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ فی الحال ایران کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع کرنے کے خواہش مند نہیں، (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

ملکی بقاء

الخوارج کی شکل میں ملک کے امن وامان اور ریاستی عملداری کو چیلنج کر رہا ہے اس کے خلاف قوم کو اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کر کے قومی ہم آہنگی سے مقابلہ کرنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے بے پناہ وسائل سے مالا مال کیا ہے یہ ملک خوشحالی اور ترقی کی راہیں تیزی سے طے کرسکتا ہے لیکن اس کے لیے ملی وحدت اور قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔

پاکستان کے ادارے پاکستان کی قوت ہیں ادارے مضبوط تب ہونگے جب قوم متحد اور مضبوط ہوگی۔

حکومتی سطح پر امن وامان کے قیام کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

نیشنل ایکشن پلان پر اسکی روح کے مطابق عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

کے پی کے اور بلوچستان میں دہشت گردی کا ناسور قومی و عسکری املاک کے ساتھ ساتھ ترقی کے میگا پروجیکٹس پر حملہ آور ہے۔

پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لیے ہر مکتبہ فکر سے وابستہ ہر پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

پاکستان میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہو گی تو معیشت بھی بہتر ہوگی۔معاشی ترقی سے خوشحالی کا انقلاب آئے گا۔

پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی تمام تر کوششوں کو قوم کے تعاون سے ناکام بنایا جائے گا

اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی وناصر ہو آمین

از قلم /// غلام رسول بلوچ

پاکستان کی بقاء اور سلامتی کا راز قومی یکجہتی میں پنہاں ہے۔قوم کو اپنے ملکی قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہو گا۔

قوم جب متحد ہوگی تو ملکی سلامتی کے ادارے بھی مضبوط ہونگے۔

اپنے اداروں اور افواج پاکستان کے خلاف ہرزہ سرائی اور تنقید مت کئی جیئے۔یہی ادارے اس ملک وقوم کے لیے قربانیاں اور شہادتیں پیش کر رہے ہیں۔

پاکستان اس وقت مشکلات اور بحرانوں سے دوچار ہے اور یہ سب کچھ ہمیشہ نہیں چلنے والا۔

ایک دن خوشحالی اور امن اس ملک میں روشن مستقبل کی نوید کا دن ہوگا۔

دہشت گردی کا ناسور فتنہ الہندوستان اور فتنہ

معمولی جارحیت کا جواب بھی تباہ کن

ایران کی پاسدارانِ انقلاب اسلامی کے کمانڈر انچیف میجر جنرل احمد واحدی نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف جارحیت کی معمولی سی کوشش کا جواب بھی تباہ کن اور دردناک حملوں کی صورت میں دیا جائے گا۔ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں احمد واحدی کا کہنا تھا کہ ایران کسی بھی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گا اور اگر اس کے خلاف معمولی کارروائی بھی کی گئی تو اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ایرانی کمانڈر نے ممکنہ ردعمل کی شدت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی جارحانہ اقدام کے نتائج مخالف فریق کے لیے تباہ کن اور تکلیف دہ ہوں گے۔دریں اثنا پاسدارانِ انقلاب کے نائب کمانڈر انچیف میجر جنرل مصطفیٰ ایزدی نے کہا کہ ایران اپنے دشمنوں کے خلاف طاقتور اور دردناک فوجی کارروائیاں کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے، جبکہ مستقبل میں کسی بھی حملے کی صورت میں جوابی کارروائی کا دائرہ خطے سے باہر بھی پھیل سکتا ہے۔میجر جنرل مصطفیٰ ایزدی نے لبنانی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کی بلاجواز جنگ کے بعد ایران نے اپنی فوجی تیاریوں اور دفاعی صلاحیتوں میں مزید اضافہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ 40 روزہ جنگ کے دوران ایران نے ثابت کیا کہ وہ عزم، طاقت اور بھرپور تیاری کے ساتھ مؤثر اور طاقتور فوجی کارروائیاں کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

01

بھجوائے گئے قانونی نوٹس میں وزیراعلیٰ پنجاب سے 7روز کے اندر معافی مانگنے، سوشل میڈیا پوسٹیں حذف کرنے اور آئندہ ایسے الزامات سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔قانونی نوٹس میں مریم نواز سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ 7روز میں لگائے گئے الزامات پر معافی مانگیں اور ایکس سمیت سوشل میڈیا سے بے بنیاد الزامات والی پوسٹیں ڈیلیٹ کریں۔ نوٹس کے مطابق مریم نواز تحریری یقین دہانی کروائیں کہ آئندہ اس نوعیت کے ہتک آمیز الزامات نہ تو دہرائیں گی، نہ شائع کریں گی اور نہ ہی انہیں کسی دوسرے ذریعے سے پھیلائیں گی۔قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر 7روز میں معافی نہ مانگی گئی تو مرکزی مسلم لیگ قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے۔قانونی نوٹس مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو کی ہدایات پر ایڈووکیٹ محمد عامر حبیب کی جانب سے جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ مرکزی مسلم لیگ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باقاعدہ رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے۔مریم نواز نے اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس)ٹوئٹر(اور الیکٹرانک میڈیا پر مرکزی مسلم لیگ کو غیر قانونی پارٹی اور دہشت گرد پارٹی قرار دیا، یہ الزامات ہیں۔نوٹس کے مطابق مرکزی مسلم لیگ نے 2024 کے عام انتخابات میں پارٹی کے انتخابی نشان کرسی پر حصہ لیا، جبکہ 8نومبر 2026 کوحلقہ این اے 77 گوجرانوالہ کے ضمنی انتخاب میں دوسری بڑی جماعت کے طور پر سامنے آئی۔مرکزی مسلم لیگ نے قانونی نوٹس کے ذریعے مریم نواز سے معافی مانگنے اور آئندہ کسی بھی قسم کے الزامات لگانے سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

02

پاکستان اور کویت کے دیرینہ تعلقات بڑھتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے ذریعے نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہیں۔اس موقع پر پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔دوسری جانب پاکستان سٹیٹ آئل (پی ایس او) اور کویت پٹرولیم کارپوریشن نے توانائی کے شعبے میں گزشتہ 50سال سے جاری شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔معاہدے کے تحت پاکستان کے توانائی کے شعبے کی ترقی کے لیے ایندھن کی فراہمی، ریفائننگ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کیے جائیں گے، جبکہ توانائی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔پاکستان میں توانائی، سٹوریج اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اس پیش رفت کو اہم قرار دیا جا رہا ہے، توقع ہے کہ پاک کویت اقتصادی شراکت داری میں اضافے سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور دونوں ممالک کے تجارتی و معاشی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

03

ریلوے میں ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیرڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے میں ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور آپریشنل نظام کی بہتری کے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کی آمدن میں اضافہ، خسارہ میں کمی اور مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100ارب روپے سے زائد آمدن حاصل کی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت پاکستان ریلوے رواں مالی سال میں 160ارب روپے آمدن کا ہدف حاصل کرے گی۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے کو مالی طور پر مستحکم، جدید اور منافع بخش ادارہ بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

04

مند طرز زندگی اپنانا ضروری ہے، ذیابیطس کے مریض باقاعدگی سے طبی معائنہ کروائیں اور ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے بیماریوں سے متعلق آگاہی اور احتیاطی تدابیر کو فروغ دینا ہوگا۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ کم آمدنی والے اور مستحق خاندانوں کو صحت کی سہولیات تک رسائی فراہم کرنا ریاست کی اہم ذمہ داری ہے۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ خواتین کی صحت اور بہتر معیار زندگی کے لیے آگاہی مہمات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ذیابیطس کے عالمی دن پر عہد کریں کہ اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت کا خصوصی خیال رکھیں گے۔

05

ہمارا ہنر، ہماری پہچان کے عنوان سے منعقدہ خدیجۃ الکبریٰ نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں اس وقت افراتفری ہے، لوگوں کو حقوق نہیں مل رہے، امیر اور غریب کے درمیان بہت فرق ہے جبکہ مڈل کلاس بھی پس رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں اگر خواتین نوکری نہیں کریں گی تو گھر کیسے چلیں گے؟ پنجاب میں اس وقت 80 لاکھ بچیاں سکول نہیں جا رہیں، مریم نواز کا نظام بچیوں کو سکول نہیں بھیج رہا۔امیر جماعت اسلامی نے الزام عائد کیا کہ مریم نواز عوام کے پیسوں سے خریدے گئے جہاز پر اپنی بیٹی کی گریجویشن تقریب میں گئیں، پنجاب حکومت نے 15ہزار سکولوں کو آؤٹ سورس کر دیا ہے، نجی سکولوں میں بھی تعلیم کا دہرا معیار قائم کر دیا گیا ہے اور اچھی تعلیم کے لیے انتہائی زیادہ فیسیں وصول کی جاتی ہیں۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، بچیوں کی پیدائش، تعلیم اور تربیت جنت میں جانے کا راستہ ہے۔

06

خاندان کو غربت سے نکال کر خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ والدین اس معاونت کو اپنی اولاد کی تعلیم اور ترقی پر خرچ کریں تاکہ آنے والی نسل خودکفیل بن سکے۔انہوں نے کہا کہ نارووال میں اعلیٰ تعلیم کے تمام بڑے مواقع فراہم کر دیے گئے ہیں، اب میڈیکل، انجینئرنگ اور ایگریکلچر کی تعلیم بھی نارووال میں دستیاب ہے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ تعلیم نوجوانوں کو کامیابی کے نئے آسمانوں تک پہنچائے گی، نئی نسل کو خودکفیل بنانے کے لیے تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔احسن اقبال نے مزید کہا کہ حکومت کی معاونت مستحق خاندانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے، والدین اپنی اولاد کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تاکہ غربت کا خاتمہ اور خوشحالی کا خواب حقیقت بن سکے۔

07

کھڑی امریکی ہیرپیج نامی دریائی کروز کشتی کو ٹکر ماری۔ 5منزلہ مسافر بردار کشتی میں اس وقت تقریباً 129 مسافر اور عملے کے ارکان سوار تھے، ٹکر کے باعث کشتی میں پانی بھرنے لگا اور وہ ایک جانب جھک کر الٹ گئی۔ نیواورلینز کی میئر ہیلینا مورینو نے نیوز کانفرنس میں بتایا کہ کشتی میں سوار کسی بھی مسافر یا عملے کے رکن کو لاپتا قرار نہیں دیا گیا اور تمام افراد کا سراغ لگا لیا گیا ہے، دریائے مسیسیپی میں تیز بہاؤ اور مشکل حالات کے باوجود تمام افراد کو بحفاظت نکالنا واقعی ایک معجزہ ہے۔امدادی کارروائیوں میں کوسٹ گارڈ، پولیس، بندرگاہ کے عملے اور قریبی کشتیوں نے حصہ لیا، بعض افراد کو دریا میں گرنے کے بعد پانی سے نکالا گیا، جبکہ 2پولیس اہلکار بھی امدادی کارروائی کے دوران پانی میں اترے، زخمی ہونے والوں میں یہ اہلکار بھی شامل ہیں۔لوزیانا کے گورنر جیف لینڈری نے بھی امدادی کارروائیوں کو غیر معمولی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دریائے مسیسیپی کوئی پرسکون تالاب نہیں بلکہ یہاں تیز بہاؤ اور خطرناک حالات کا سامنا رہتا ہے، ایسے حالات میں تمام مسافروں کو بحفاظت نکالنا بڑی کامیابی ہے۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹینکر کو حادثے سے قبل اسٹیئرنگ نظام میں خرابی کا سامنا ہوا تھا، تاہم امریکی کوسٹ گارڈ نے حادثے کی حتمی وجہ کی تصدیق نہیں کی، حکام نے تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ نیشنل ٹرانسپورٹیشن سیفٹی بورڈ بھی واقعہ کی چھان بین کرے گا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ حادثے میں کوئی ہلاک نہیں ہوا، 32 افراد ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں، امدادی اداروں نے اچھا کام کیا۔

08

کرنے اور ان کے متعلق یکطرفہ فیصلے کرنے کے عمل پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پشتونخوا وطن کے قدرتی وسائل کی کسی بھی قسم کی غیر آئینی، غیر جمہوری اور عوام دشمن بندر بانٹ کو کسی صورت قبول نہیں کرے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن قدرتی وسائل، بالخصوص تانبے، سونے، قیمتی پتھروں اور دیگر نایاب معدنی ذخائر سے مالا مال خطہ ہے۔ یہ معدنی وسائل محض تجارتی اشیا نہیں بلکہ پشتون قوم کی قومی امانت، تاریخی اثاثہ اور آنے والی نسلوں کی معاشی خوشحالی کا بنیادی سرمایہ ہیں۔ان وسائل کے استعمال، تلاش، نکاسی، پروسیسنگ اور فروخت سے متعلق کسی بھی منصوبے کا بنیادی مقصد یہاں کے عوام کی معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی، صنعتی بنیادوں کی تعمیر اور مقامی آبادی کی خوشحالی ہونا چاہیے، نہ کہ چند حکمرانوں، مقتدر قوتوں اور سرمایہ دارانہ مفادات کو فائدہ پہنچانا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ پاکستان کے غیر نمائندہ حکمرانوں اور مقتدرہ کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ پشتونخوا وطن کے عوام کو اعتماد میں لیے بغیر ان کے قدرتی وسائل کے متعلق یکطرفہ فیصلے کریں، معدنی ذخائر کو عالمی منڈی میں سرمایہ کاری کے نام پر پیش کریں یا ایسے معاہدے کریں جن کے نتیجے میں مقامی آبادی اپنے ہی وسائل سے محروم ہو جائے۔ پاکستان کے آئین کی اٹھارویں ترمیم اور آرٹیکل 172 کی روشنی میں قدرتی وسائل پر صوبائی آئینی اختیارات اور حقوق کو تسلیم کرنا ناگزیر ہے۔معدنی تیل اور قدرتی گیس کے حوالے سے آرٹیکل (3)172 میں صوبے اور وفاق کی مشترکہ و مساوی ملکیت کا واضح ذکر موجود ہے، جبکہ دیگر معدنی وسائل کے معاملات میں بھی متعلقہ آئینی اور صوبائی قوانین کے تحت صوبائی اختیارات اور مقامی مفادات کا تحفظ ضروری ہے۔ بیان میں بین الاقوامی سرمایہ کار اداروں، عالمی معدنی کمپنیوں اور متعلقہ مالیاتی اداروں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ وہ پشتونخوا وطن کے معدنی وسائل میں سرمایہ کاری کے کسی بھی منصوبے کو آگے بڑھانے سے قبل یہاں کے عوام کی حقیقی سیاسی نمائندگی، متعلقہ صوبائی آئینی اختیارات، مقامی آبادی کے حقوق اور شفاف عوامی مشاورت کو یقینی بنائیں۔انہیں یہ بات سمجھنی ہوگی کہ کسی بھی علاقے کے قدرتی وسائل پر سرمایہ کاری محض حکومتی معاہدوں یا انتظامی منظوریوں سے جائز عوامی جواز حاصل نہیں کر سکتی، جب تک متعلقہ عوام کو فیصلہ سازی میں شریک نہ کیا جائے اور ان کے حقوق و مفادات کی ضمانت نہ دی جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ موجودہ حکمرانوں کی عوامی نمائندگی اور جمہوری مینڈیٹ پر سنگین سوالات موجود ہیں۔ایسے حالات میں پشتونخوا وطن کے معدنی وسائل کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق کسی غیر نمائندہ حکومت، مقتدرہ یا چند بااثر افراد کو حاصل نہیں ہو سکتا۔معدنی وسائل کی تلاش اور نکاسی کے منصوبوں میں مقامی آبادی کی رضامندی، ماحولیاتی تحفظ، شفاف معاہدوں، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار، فنی تربیت، معدنیات کی مقامی سطح پر پروسیسنگ اور حاصل ہونے والی آمدنی میں علاقے کے جائز حصے کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ بیان میں مزید واضح کیا گیا کہ پشتونخوا وطن کے عوام اپنی قومی دولت کی لوٹ مار، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور استحصالی معاہدوں کے خلاف ہر جمہوری اور آئینی فورم پر بھرپور آواز اٹھائیں گے۔اگر عوام کے حقوق اور حقیقی نمائندوں کو نظرانداز کر کے معدنی وسائل کی غاصبانہ لوٹ مار کا سلسلہ شروع کیا گیا تو اس کے خلاف پشتون عوام بھرپور سیاسی مزاحمت اور احتجاج کرنے کا جمہوری حق محفوظ رکھتے ہیں۔ایسے کسی بھی اقدام سے پیدا ہونے والی صورتحال کی ذمہ داری متعلقہ حکمرانوں اور ان اداروں پر عائد ہوگی جو عوامی حقوق کو نظرانداز کر کے ایسے فیصلے کریں گے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے پشتونخوا وطن کی تمام قومی، سیاسی، مذہبی، جمہوری اور ترقی پسند قوتوں، دانشوروں، وکلا، طلبہ تنظیموں، قبائلی مشران اور سول سوسائٹی سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ تاریخ کے ان اہم اور فیصلہ کن لمحات میں ذاتی، گروہی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اپنی قومی دولت، قدرتی وسائل اور آئندہ نسلوں کے معاشی مستقبل کے تحفظ کے لیے متحد اور منظم ہوں۔قومی وسائل کا تحفظ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ پوری قوم کا مشترکہ قومی فریضہ ہے۔

09

معزز جج اور وکلا برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔گورنر سندھ نے جسٹس محمد اقبال کلہوڑو کو قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

10

فضائی دفاعی نظام کے ذریعے 1198یوکرینی ڈرونز مار گرانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔

11

مطابق ڈیزل و پٹرول کی قیمتوں کا بہانہ بنا کر مسافر گاڑیوں کے مالکان نے من مانے کرائے وصول کرنا شروع کر رکھے ہیں، سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی طرف سے عرصہ دراز سے بس اسٹینڈ پر ہر روٹ کی گاڑیوں کے کرائے نامے کے بورڈ آویزاں نہیں کیے اور نہ ہی گاڑیوں کے اندر کرایہ نامہ آویزاں کروانے کا پابند بنایا گیا ہے۔سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی عدم توجہی کے باعث مسافر گاڑیوں کے کرایہ جات کی وصولی کا چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے سبی تو کوئٹہ، سبی تو جیکب آباد، سبی تو تلی سبی تو کوہلو سبی تو ہرنائی سمیت تو ڈی والوں نے من مانے کرائے وصول کرنے لگے ہے واضح رہے کہ پیٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو کئی گنا کرائے میں اضافہ کر دیا جاتا ہے جبکہ واضح پیٹرول وڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹ کے کرایے میں کوئی کمی نہیں آسکی جس کی وجہ سے سفر کرنے والے افراد شدید مشکلات کا شکار ہو رہے ہے عوامی سماجی سیاسی حلقوں نے کمشنر سبی ڈویژن، ڈپٹی کمشنر سبی سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کرایے میں کمی کے لئے اپنا رول پلے کریں۔

12

اور مختلف ٹوئٹس کو انتقام اور بدنیتی قرار دے کر قائدین کو بدنام کرنے کی مذموم کوششوں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ قائدین کی ہدایت پر جماعت کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی اور ہر محاذ پر بھرپور کردار ادا کرے گی۔ ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی دعوت پر مجلسِ فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان نے مرکزی اجلاس اور اس میں کیے گئے فیصلوں کے حوالے سے شرکا کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے خلاف منفی سازشوں اور جماعت کو تنہا کرنے کی کوششوں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں، جمعیت اپنے اکابر کے مشن اور قائدین کی قیادت میں ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ اجلاس میں جماعتی امور، یونٹوں کی تنظیمی صورتحال اور سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور جماعتی فعالیت میں اضافے سمیت یونٹوں کو مزید فعال و مستحکم بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر غور و خوض کیا گیا۔شرکا نے قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف ذرائع ابلاغ کے ذریعے جاری منفی پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور کردار کشی کی مہم کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے حکومتی بوکھلاہٹ اور غیر جمہوری طرزِ عمل کا عکاس قرار دیا اور کہا کہ سیاسی قیادت کو میڈیا ٹرائل، ٹوئٹس اور الزام تراشی کے ذریعے دبا میں لانے کی کوششیں جمہوری روایات، سیاسی اقدار اور آزادی اظہار کے منافی ہیں۔ اجلاس میں کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس اور بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر بھی شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ سرد موسم میں عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھنا ظلم اور ناانصافی ہے، متعلقہ حکام گیس پریشر کی بحالی اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے فوری خاتمے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، حافظ عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مولوی سعید احمد، مولوی محمد سلیمان، مولانا حافظ رشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حاجی صالح محمد، حافظ مسعود احمد، حاجی ولی محمد بڑیچ، مولانا عبدالبصیر، حافظ سراج الدین، مولانا شعیب جدون، مفتی نیک محمد فاروقی، میر حشمت لہڑی، مفتی ابوبکر، مولوی علی جان، عبدالباری شہزاد، مولوی جمال الدین حقانی، مولانا نقیب اللہ ملاخیل، حاجی عطا محمد شمشوزئی اور حافظ حبیب الرحمٰن نے شرکت کی۔ جمعیت علما اسلام کے قائدین نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل، دینی و جمہوری اقدار کے تحفظ، معاشرتی اصلاح اور جماعتی نظم و نسق کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔

13

دیا تاکہ خطے میں ان کی سرگرمیوں کا موثر سدباب کیا جا سکے۔عرب پارلیمنٹ کے بیان کے مطابق اس جامع منصوبے کا بنیادی مقصد حوثی ملیشیا کو علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر مکمل طور پر تنہا کرنا اور ان کی عسکری کارروائیوں کو روکنا ہے۔عرب خبر رساں ادارے کے مطابق، عرب پارلیمنٹ کے اس منصوبے کے تحت حوثیوں کو ملنے والی مالی اعانت اور اسلحے کی ترسیل کے راستوں کو مکمل طور پر بند کرنے کیلئے چار جہتی حکمت عملی تیار کی گئی ہے۔ پہلے مرحلے میں سفارتی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے دنیا کی اہم دارالحکومتوں اور عالمی طاقتوں کے ساتھ رابطے کیے جائیں گے تاکہ انہیں حوثیوں کی جارحانہ کارروائیوں سے آگاہ کیا جا سکے اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں عرب موقف کے لئے سفارتی حمایت حاصل کی جا سکے۔اس سفارتی مہم کا مقصد عالمی برادری کو حوثیوں کے احتساب اور ان کے مالی و عسکری ذرائع مسدود کرنے پر قائل کرنا ہے۔منصوبے کے دوسرے مرحلے میں سیاسی اور سیکیورٹی سطح پر اقدامات اٹھائے جائیں گے جن کا مقصد بین الاقوامی اداروں اور ممالک سے حوثیوں کو باضابطہ طور پر دہشت گرد جنگجو ملیشیا قرار دلوایا جانا ہے۔اس سلسلے میں خاص طور پر یورپی یونین کی قیادت، بشمول یورپی پارلیمنٹ کی صدر روبرٹا میٹسولہ اور خارجہ پالیسی کی سربراہ کاجا کالاس سے ملاقاتیں کی جائیں گی تاکہ یورپی یونین کی سطح پر حوثیوں کو دہشت گرد قرار دینے کا عمل مکمل کیا جا سکے اور ان کے رہنماؤں اور وابستہ اداروں کے خلاف سفارتی و مالی پابندیاں عائد کی جا سکیں۔حکمت عملی کے تیسرے حصے کے تحت قانونی اور عدالتی راستے کا انتخاب کیا گیا ہے، جس کے تحت بین الاقوامی احتسابی اداروں اور عدالتوں کے میکانزم کو استعمال کرتے ہوئے حوثیوں کے جنگی جرائم کے دستاویزی ثبوت جمع کیے جائیں گے۔عرب پارلیمنٹ کا موقف ہے کہ حوثیوں کی مجرمانہ کارروائیاں بین الاقوامی فوجداری عدالت کے دائرہ اختیار میں آتی ہیں، اس لیے ان شواہد کو بین الاقوامی عدالتوں میں پیش کر کے ذمہ داران کا قانونی احتساب یقینی بنایا جائے گا۔چوتھے اور آخری مرحلے میں اقتصادی اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر تعاون حاصل کیا جائے گا۔اس حوالے سے سعودی عرب کے مشیر اور ریاض میں بین الاقوامی قانون کے انسٹی ٹیوٹ کے پروفیسر ڈاکٹر اسامہ العبیدی نے عرب پارلیمنٹ کے اس لائحہ عمل کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے درست سمت میں اٹھایا گیا ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ حوثیوں کی یہ کارروائیاں نہ صرف سعودی عرب بلکہ پوری عرب دنیا کی قومی سلامتی، علاقائی استحکام اور عالمی بحری جہاز رانی کے لیے بھی شدید خطرہ بنی ہوئی ہیں۔

14

ترجمان کے مطابق فوجی اڈے کے اوپر ڈرونز کی مشتبہ اور غیر مجاز سرگرمی سے نمٹنے کے لئے کارروائی کی گئی۔واقعے کے دوران اڈے پر خطرے کے سائرن بجنے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں، جنہیں قریبی آبادی کے رہائشیوں نے سنا۔واضح رہے کہ گزشتہ ستمبر میں آر اے ایف فیئر فورڈ میں پیش آنے والے ایک واقعے کے بعد برطانیہ میں امریکی فوجی اڈوں پر سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی تھی۔حالیہ واقعے کے بعد برطانیہ میں امریکی فوجی تنصیبات کی سکیورٹی کے حوالے سے تشویش بڑھ گئی ہے۔

15

صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے کوئٹہ میں اپنی سیاسی و تنظیمی بنیادوں کو وسعت دی ہے اور شہر میں آباد تمام اقوام کی نمائندگی پارٹی میں موجود ہے۔قومی وسائل کے دفاع، عوامی حقوق کے تحفظ اور جمہوری سیاست کے فروغ کے لیے ضروری ہے کہ ہر مکتبہ فکر کو نیشنل پارٹی کے سیاسی فلسفے اور جدوجہد کا حصہ بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کی تنظیموں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ عوامی رابطوں کو مؤثر بنائیں، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط کریں اور اپنی سیاسی و تنظیمی صلاحیتوں کے ذریعے پارٹی کو مزید وسعت دیں۔ منظم تنظیم اور اصولی سیاست ہی قومی حقوق کے تحفظ اور عوامی بالادستی کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں سیاسی و جمہوری عمل کو محدود اور سبوتاژ کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ ایسے حالات میں سیاسی کارکنوں کا نظریاتی پختگی، تنظیمی نظم و ضبط اور جمہوری اصولوں سے آراستہ ہونا ناگزیر ہے۔نیشنل پارٹی سمجھتی ہے کہ بلوچستان کے مسائل کا مستقل حل عوام کی حکمرانی، قومی وسائل پر اختیار اور جمہوری سیاسی عمل کے تسلسل میں مضمر ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے 17 نکات بلوچستان میں عوامی بالادستی، قومی حقوق اور صوبے کے سیاسی و معاشی اختیار کے حصول کا جامع روڈ میپ ہے۔ ان میں وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے جائز حصے کا مطالبہ بھی شامل تھا، جس پر وفاقی حکومت کی جانب سے عمل درآمد ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اگر حکومت نیشنل پارٹی کے دیگر نکات پر بھی سنجیدگی سے عمل درآمد کرے تو بلوچستان میں پائیدار امن، سیاسی استحکام اور حقیقی تعمیر و ترقی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ملاقات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری علی احمد لانگو، مرکزی کمیٹی کے اراکین نیاز بلوچ، ڈاکٹر رمضان ہزارہ، صوبائی کسان سیکرٹری حاجی فاروق شاہوانی، صوبائی انسانی حقوق سیکرٹری انیل غوری، آرگنائزر ریاض زہری، ڈپٹی آرگنائزر حنیف کاکڑ، ورکنگ کمیٹی کے اراکین نعیم بنگلزئی اور عالمگیر کاکڑ، آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نصراللہ شاہوانی، کامریڈ رحمت اللہ پرکانی، حاجی خیرجان مینگل، ثناء کھیازئی، حاجی اصغر ہزارہ، عثمان لانگو، سائرہ بتول، سابق ورکنگ کمیٹی کے رکن قیوم بجن، بسم اللہ شاہوانی، علی احمد شاہوانی، حاجی ادریس شاہوانی رحمت اللہ محمد حسنی، انور شاہوانی، رجب کھیازئی، حسن ہزارہ، حاجی عزیز سرپرہ، اعظم کرد اور نکری ارشاد لانگو سمیت دیگر شامل تھے اس موقع پر مرکزی کمیٹی کے رکن چیئرمین محراب بلوچ اور ورکنگ کمیٹی کے اراکین مشکور انور، فدا جان بلیدی اور کرنل قذافی رند بھی موجود تھے۔

16

کے توسط سے دائر کی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ منتخب نمائندوں کو حراست میں رکھنا عوام کے انتخابی مینڈیٹ کو غیر موثر بنانے کے مترادف ہے اور عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ تمام زیرِحراست ارکان اسمبلی کو عدالت میں پیش کر کے ان کی حراست کا قانونی جواز جانچا جائے اور ان کی فوری رہائی کا حکم دیا جائے۔ درخواست میں عدالت کے روبرو یہ اہم آئینی سوال بھی اٹھایا گیا ہے کہ آیا ریاستی ادارے منتخب نمائندوں کی سیاسی سرگرمیوں اور ان کے پارلیمانی کردار کو روک سکتے ہیں یا نہیں۔

17

بلوچستان کو خسارے کا سامنا کرنا پڑا۔وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق پہلی سہ ماہی میں وفاق کی جانب سے پنجاب کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 942ارب روپے منتقل کیے گئے، پنجاب کی مجموعی آمدن 1ہزار 117ارب روپے جبکہ اخراجات 784ارب روپے ریکارڈ کیے گئے، اس طرح پنجاب نے جولائی سے ستمبر کے دوران 333ارب روپے کا بجٹ سرپلس دیا۔دستاویزات کے مطابق سندھ کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 479ارب روپے منتقل کیے گئے، صوبے کی مجموعی آمدن 690 ارب روپے اور اخراجات 509ارب روپے رہے، جس کے نتیجے میں سندھ نے پہلی سہ ماہی کے دوران 180ارب روپے کا سرپلس حاصل کیا۔اسی طرح خیبرپختونخوا کو این ایف سی ایوارڈ کے تحت 314ارب روپے فراہم کیے گئے، صوبے کی مجموعی آمدن 413ارب روپے جبکہ اخراجات 311ارب روپے ریکارڈ ہوئے، خیبرپختونخوا نے جولائی سے ستمبر کے دوران 102ارب روپے کا بجٹ سرپلس دیا۔وزارت خزانہ کی دستاویزات کے مطابق بلوچستان کو پہلی سہ ماہی میں این ایف سی ایوارڈ کے تحت 158ارب روپے منتقل کیے گئے، صوبے کی مجموعی آمدن 175ارب روپے رہی جبکہ اخراجات 191ارب روپے ریکارڈ کیے گئے۔اس طرح بلوچستان کو پہلی سہ ماہی کے دوران 16ارب روپے کے بجٹ خسارے کا سامنا کرنا پڑا۔وزارت خزانہ کے اعداد و شمار کے مطابق پہلی سہ ماہی میں پنجاب، سندھ اور خیبرپختونخوا نے مجموعی طور پر بجٹ سرپلس ریکارڈ کیا، جبکہ بلوچستان کا بجٹ بیلنس خسارے میں رہا۔

18

کے ساتھ شوگر کے ٹیسٹ کو یقینی بنانا اور صحت مند زندگی کے لیے روزانہ واک کرنا سب سے اہم اور ضروری عنصر ہے۔ڈاکٹرز کے مطابق ذیابیطس صرف انسولین کے نہ بننے یا کم بننے تک محدود نہیں بلکہ یہ آنکھوں، گردوں اور دل کی بیماریوں کا بھی سبب بن سکتی ہے۔پاکستان میں 33.5فیصد تقریباً ساڑھے 3 کروڑ لوگ ذیابیطس کا شکار ہیں جن کی عمر 18سال سے اوپر ہے۔ماہرین نے مشورہ دیا ہے کہ کم از کم 30منٹ تک چلنے کو معمول بنائیں، گھر کا کھانا کھائیں اور باہر کے کھانے سے اجتناب کریں۔ہر سال 14نومبر کو ذیابیطس سے بچاؤ کا عالمی دن منایا جاتا ہے، ماہرین طب کا کہنا ہے کہ احتیاط، متوازن غذا اور روزانہ کی جسمانی سرگرمی ہی اس مرض کے خطرات کم کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

19

کی کوشش کی تو واشنگٹن طاقت کے ذریعے جواب دے سکتا ہے۔عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق روبیو نے واشنگٹن میں قدامت پسند قانونی تنظیم فیڈرلسٹ سوسائٹی کے قومی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عالمی فوجداری عدالت اور بین الاقوامی قوانین پر سخت تنقید کی۔روبیو نے اپنی تقریر میں قدیم رومی جنرل پومپی کا ایک مشہور قول نقل کرتے ہوئے عالمی فوجداری عدالت کو خبردار کیا کہ وہ امریکی شہریوں پر اپنے فیصلے مسلط کرنے کی کوشش نہ کرے۔ان کا کہنا تھا کہ اگر عدالت امریکی شہریوں کے خلاف اپنے عدالتی احکامات نافذ کرنے کی کوشش کرے گی تو امریکا کا جواب یہ ہوگا کہ تلوار اٹھانے والوں کو قوانین کا حوالہ دینا بند کرو۔

20

مہنگائی، معاشی بدحالی اور ناقص حکومتی پالیسیوں کے باعث تاجر برادری شدید مشکلات کا شکار ہے، ہزاروں تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں جبکہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بھی انتہائی خراب ہے۔جمعیت علما اسلام وکلا فورم بلوچستان کے صدر ایڈووکیٹ ملک خلیل الرحمٰن کاکڑ کی قیادت میں وکلا کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے میں قتل و غارت گری، رہزنی اور بدامنی کے واقعات نے عوام کو عدم تحفظ سے دوچار کر رکھا ہے۔حکمرانوں نے بنیادی سہولیات اور روزگار فراہم کرنے کے بجائے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، معاشی اور امن وامان کی صورتحال سمیت وکلا برادری کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔مولانا عبدالواسع کا کہنا تھا کہ حکومتی ناقص پالیسیوں، غیر سنجیدہ طرز حکمرانی اور عوامی مسائل سے مسلسل چشم پوشی نے بلوچستان کو سنگین بحرانوں میں دھکیل دیا ہے۔حکومت اپنی آئینی و قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے نمائش پر اربوں روپے خرچ کر رہی ہے۔

21

سیف اللہ حاجی نظیف اللہ، امیر ضلع مستونگ حافظ خالد الرحمان شاہوانی اور الخدمت کے ذمہ داران محمد حسین، محمد نعیم، محمود خان، ریاض احمد، خدائے نور، ٹریزر احمد خان، عبدالوہاب اور سیف اللہ نے کہا کہ علامہ محمد اقبال نے اپنے کلام کے ذریعے نوجوانوں میں خودی، خوداعتمادی، علم، عمل اور بلند کردار کا شعور بیدار کیا۔ اقبال کا پیغام آج بھی نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان علامہ اقبال کے افکار کو اپنا کر تعلیم، کردار سازی اور خدمتِ انسانیت کے میدان میں اپنا کردار ادا کریں۔ الخدمت فاؤنڈیشن کا مقصد بھی نوجوانوں اور معاشرے کے محروم طبقات کی فلاح و ترقی کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔ہمیں اقبال کے خواب کے مطابق ایک تعلیم یافتہ، باکردار اور فلاحی معاشرے کی تشکیل کے لیے جدوجہد کرنا ہوگی نوجوان اقبال کے شاہین بنکر معاشرے کی اصلاح تعمیر،ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں

22

والی مجوزہ گول میز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ پارلیمانی رہنماں نے صحافیوں کے مطالبات اور احتجاجی تحریک کی حمایت کرتے ہوئے کانفرنس اور دو روزہ احتجاجی کیمپ میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔تفصیلات کے مطابق پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی ملک گیر احتجاجی تحریک کے سلسلے میں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کی جانب سے آگاہی مہم جاری ہے۔اس سلسلے میں بی یو جے کے صدر منظور احمد رند اور کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید کی قیادت میں مشترکہ وفد نے بلوچستان اسمبلی میں نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، بی این پی عوامی کے سربراہ میر اسداللہ بلوچ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، مسلم لیگ)ن(کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔وفد میں پی ایف یو جے کے سینئر نائب صدر نورالہی بگٹی، بی یو جے کے جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، سلیم شاہد، جلال الدین نورزئی اور سیکرٹری فنانس عصمت امان سالانی بھی شامل تھے۔ملاقاتوں کے دوران پارلیمانی رہنماں کو صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی جبری برطرفیوں، بلوچستان میں ٹی وی چینلز کے بیورو دفاتر کی بندش، پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کے خلاف مقدمات اور میڈیا انڈسٹری کو درپیش دیگر مسائل سے آگاہ کیا گیا۔وفد نے پی ایف یو جے اور بی یو جے کے چارٹر آف ڈیمانڈز سے بھی سیاسی رہنماں کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔وفد نے پارلیمانی رہنماں سے اپیل کی کہ وہ صحافیوں کے روزگار کے تحفظ، میڈیا دفاتر کی بحالی اور آزادی صحافت کے حق میں 17نومبر کو کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہونے والی گول میز کانفرنس میں شرکت کریں۔اس موقع پر سیاسی رہنماں نے پی ایف یو جے کے چارٹر آف ڈیمانڈز اور بی یو جے کے مطالبات کی حمایت کرتے ہوئے گول میز کانفرنس اور اس کے بعد کوئٹہ پریس کلب میں لگائے جانے والے دو روزہ احتجاجی کیمپ میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

23

پر رہا کرنے کا حکم دے دیا۔حکم نامے کے مطابق ملزم ایف آئی آر میں نامزد نہیں، بنیادی الزام جائے وقوع سے شواہد غائب کرنے کا ہے۔ عدالت کا کہنا ہے کہ ملزم پہلے ہی جیل میں ہے، مزید تفتیش کیلئے پولیس حراست درکار نہیں۔عدالت نے ملزم ساجد علی کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست منظور کرلی۔

24

سنایا۔مقدمے میں اللہ بخش ولد مولا بخش سکنہ آچوانی گوٹھ بیلہ کو اغوا اور قتل کے الزامات ثابت ہونے پر سزائے موت اور 10لاکھ روپے جرمانے کی سزا دی گئی۔پولیس کے مطابق مجرم نے فروری 2025 میں عظیم خان رونجھو کو اغوا کرنے کے بعد پہلے کلہاڑی کے وار سے زخمی کیا اور بعد ازاں فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے تفتیش کے دوران مقتول کی کئی روز پرانی لاش ایک ویران کنویں سے برآمد کی تھی۔مقدمے کی تفتیش انسپکٹر نصراللہ رونجھو اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر اکبر موسیٰ نے کی، جبکہ عدالت میں مقدمے کی پیروی اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر محمد اعجاز مینگل، سب انسپکٹر محمد عثمان شیخ، اسسٹنٹ سب انسپکٹر مجاہد علی، ہیڈ کانسٹیبل اصغر علی اور کانسٹیبل قاضی عبدالغفور نے کی۔لسبیلہ پولیس کے مطابق جدید تفتیشی طریقوں اور تکنیکی شواہد کی مدد سے ملزم کے خلاف ٹھوس ثبوت جمع کر کے عدالت میں پیش کیے گئے، جس کے نتیجے میں عدالت نے جرم ثابت ہونے پر سزا سنائی۔اس موقع پر ایس ایس پی لسبیلہ نے کہا کہ قانون سے کوئی بالاتر نہیں، سنگین جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی اور مظلوموں کو انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ایس ایس پی نے مقدمے کی کامیاب تفتیش اور عدالتی پیروی کرنے والے افسران و اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں تعریفی اسناد دینے کا اعلان بھی کیا۔

25

ساتھ اپنے سینوں سے لگایا اور انہیں عزت و تکریم دی ہے۔انہوں نے کہا کہ مدارس نے ہمیشہ ملک کی اسلامی تہذیب دینی تشخص اور نظریاتی اساس کے تحفظ میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ان کی خدمات پر انگلیاں اٹھانے والوں کو چاہیے کہ وہ دوسروں پر تنقید کرنے سے پہلے اپنے طرزِ عمل اور کردار کا جائزہ لیں۔روشن خیالی کے نام نہاد دعویداروں نے ہمیشہ معاشرے میں ملا اور مسٹر کی تفریق کو ہوا دے کر طبقاتی تقسیم نفرت اور تعصب کو فروغ دینے کی کوشش کی جبکہ علما و مدارس ہمیشہ اتحاد برداشت اور باہمی احترام کا درس دیتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ معاشرے میں نفرت و تعصب کی خلیج پیدا کرنے والے علما اور دینی مدارس نہیں بلکہ روشن خیالی کے نام پر تقسیم اور انتشار کو فروغ دینے والے عناصر ہیں۔دینی مدارس کسی ایک طبقے علاقے یا قوم کے نہیں بلکہ پوری امت کا علمی و دینی سرمایہ ہیں جو نسلِ نو کی دینی و اخلاقی تربیت کے ساتھ قومی یکجہتی سماجی ہم آہنگی اور ملی وحدت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔مدارس کی خدمات کا اعتراف اور ان کا تحفظ درحقیقت ملک کی نظریاتی و تہذیبی شناخت کا تحفظ ہے۔

25

کہنا تھا کہ سلمان اکرم راجہ پہلے کہتے تھے کہ یہ عہدہ مجھ پر تھوپا گیا ہے، اب وہ عہدہ ہاتھ سے جاتے دیکھ کر لطیف کھوسہ اور سلمان صفدر پر تنقید کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سلمان اکرم راجہ بشریٰ بی بی کے علاج اور مقدمات پر توجہ دیں، میڈیا پر صفائیاں دینے کے بجائے وہ اپنی ذمے داریاں نبھائیں۔ بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی میں موجودہ گروپنگ اور انتشار کا ذمے دار یہی نااہل شخص ہے۔

27

کی پر بات چیت ہوگی، جبکہ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ متوقع ملاقات میں کسی معاہدے کی توقع نہیں ہے۔قبل ازیں امریکی جریدے نیویارک پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ چین کے شہر شینزن میں جمعرات کو تینوں عالمی رہنماؤں کی ملاقات ہونے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ملاقات میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول پر بات چیت متوقع ہے، شمالی کوریا، یوکرین اور ایران سے متعلق امور پر بھی بات چیت ہونے کا امکان ہے۔امریکا، چین اور روسی صدور کے مابین متوقع ملاقات کو 1945 میں دوسری جنگ عظیم کے بعد امریکی صدر فرینکلن روزویلٹ، برطانوی وزیراعظم ونسٹن چرچل اور روسی رہنما جوزف اسٹالن کے درمیان ہونے والی یالٹا کانفرنس سے جوڑا جا رہا ہے جس میں یورپ کی نئی حد بندیاں کرنے پر اتفاق کیا گیا تھا۔یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے بھی ٹرمپ، شی جن پنگ اور پیوٹن کے درمیان متوقع ملاقات کو یالٹا کانفرنس سے جوڑتے ہوئے اپنے تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ شینزن 21ویں صدی کیلئے یالٹا طرز پر عالمی اثر و رسوخ کے دائروں کی نئی تقسیم کا معاہدہ ثابت ہو سکتا ہے۔

28

بہت دکھ ہوا ہے، پارٹی کو موجودہ مشکلات سے نکالنے کے لیے باہمی مفاہمت اور اتحاد ناگزیر ہے۔ پسِ پردہ رابطے: بشریٰ بی بی کے کیس پر بات چیت کا آپشن موجود، عمران کیلئے ریلیف اور کے پی کے معاملات پر کچھ زیرِغور نہیں انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر پارٹی کو متحد رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، اختلاف رائے کو اختلافات کا نام دینا درست نہیں، پی ٹی آئی ایک بڑی سیاسی جماعت ہے اور اس وقت اس کے بانی جیل میں ہیں، ایسے حالات میں پارٹی کے اندر اختلاف رائے ہونا فطری بات ہے۔شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ پارٹی قیادت کو میڈیا پر ایک دوسرے کے خلاف اختلافی بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے، پارٹی کو انتشار سے بچانے کے لیے ڈسپلنری کمیٹی کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے تاکہ نظم و ضبط برقرار رکھا جا سکے۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق شوکت یوسفزئی کا کہنا تھا کہ یہ معاملہ ابھی پارٹی میں زیرِغور نہیں آیا اور اس ایشو پر پارٹی کے اندر کوئی اختلافات نہیں ہیں، پارٹی کا موقف واضح ہے کہ نئے صوبے آئینی طریقہ کار کے مطابق بننے چاہئیں، نئے صوبوں کے قیام سے عوامی مسائل کے حل میں مدد ملے گی۔ بانی پی ٹی آئی سے وکلا کی ملاقات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔شوکت یوسفزئی نے مزید کہا کہ تحریک انصاف کو پورے ملک میں سیاسی اسپیس نہیں مل رہی لیکن ہم سیاسی اسپیس لینے کے بجائے باہمی اسپیس بڑھا رہے ہیں، یہ بات سمجھنا ہوگی کہ پارٹی صرف باہمی مفاہمت اور اتحاد کے ذریعے ہی موجودہ مشکل صورتحال سے نکل سکتی ہے۔

29

اینڈ انوویشن سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے ٹیپو عثمان نے کہا کہ پاکستانی ٹیکسٹائل صنعت برطانوی اداروں کے اشتراک سے جدید دھاگے، ریشے اور نئی مصنوعات تیار کر سکتی ہے۔ دونوں ممالک کی کمپنیوں کو مشترکہ پیداواری منصوبے شروع کرنے چاہئیں۔ہائی کمشنر نے کہا کہ ویسٹ یارکشائر میں تقریباً ڈھائی لاکھ پاکستانی نژاد افراد آباد ہیں، جو مختلف شعبوں میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سالانہ تجارت کا حجم 6ارب پاؤنڈ تک پہنچ چکا ہے، جبکہ ٹیکسٹائل، ماحول دوست پیداوار اور حلال خوراک کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید بڑھانے کے امکانات موجود ہیں۔

30

حمایت کرتے ہیں۔مشعال یوسفزئی کا کہنا تھا کہ بانی نے بھی کہا ہے صوبوں کے معاملے پر عوام سے پوچھا جائے۔انہوں نے کہا ڈاکٹرز کہہ رہے ہیں جیل کے حالات میں بشریٰ بی بی کی سرجری نہیں کر سکتے، بینائی جا سکتی ہے، پی ٹی آئی بشریٰ بی بی کی ہسپتال منتقلی کیلئے راستے بنانے کی کوشش کر رہی ہے، بانی پی ٹی آئی کو آنکھ کا جو مسئلہ ہے اس بیماری میں تقریباً 3انجکشن لگتے ہیں، ساتواں انجکشن لگ رہا ہے تو اس کا مطلب بانی پی ٹی آئی کا آنکھ کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا، حکومت ہمارے لئے کچھ نہیں کر رہی، محسن نقوی نے ہم سے رابطے کئے، جو کیا انہوں نے ذاتی حیثیت میں کیا، بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی میں رکاوٹ ن لیگ بنی تھی۔ان کا کہنا تھا کہ اسٹیئرنگ کمیٹی میں فیصلہ ہوا تھا 2 سینیٹرز، 2ایم این ایز بات کریں گے، ارکان اپوزیشن لیڈرز کیساتھ ملکر بانی کی صحت، بشریٰ بی بی کے معاملات پر بات کریں گے، 2سینیٹرز اور 2ایم این ایز خواتین کی رہائی پر بات کریں گے، سینیٹ سے نورالحق قادری اور علی ظفر ہوں گے، پارلیمانی پارٹی ایم این ایز کے ناموں کا فیصلہ کرے گی، بانی پی ٹی آئی نے معاملات آگے بڑھانے کی منظوری دے دی۔

31

کانفرنس میں شرکت کرنے والی نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ کوپ 31 میں صرف وعدے نہیں بلکہ ماحولیاتی انصاف اور متاثرہ ممالک کے لیے عملی اقدامات ہونے چاہئیں، پاکستان ترکیہ کی جانب سے کاپ 31 کی میزبانی اور قیادت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک ماحولیاتی تبدیلی سے متاثرہ ممالک کو مالی مدد فراہم کرنے کے اپنے وعدے پورے کریں، دنیا میں فوسل فیول پر سالانہ 7ہزار ارب ڈالر کی سبسڈی دی جا رہی ہے، یہ وسائل ماحولیاتی تحفظ پر خرچ ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ پالیسیوں کے تحت عالمی درجہ حرارت میں 2.7 ڈگری سینٹی گریڈ اضافے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2022 کے سیلاب سے پاکستان میں 3 کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے اور 30 ارب ڈالر کا نقصان ہوا۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے 2050 تک پاکستان کی جی ڈی پی کو 18 سے 20فیصد نقصان پہنچ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ماحولیاتی اہداف کے حصول کے لیے 565ارب 70 کروڑ ڈالر درکار ہیں، پاکستان کو ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے مزید قرضوں کے بجائے مالی امداد اور قرضوں میں ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کے لیے ترقی یافتہ ممالک گرانٹس اور آسان شرائط پر مالی وسائل فراہم کریں، لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو فعال بنایا جائے تاکہ ماحولیاتی آفات سے متاثرہ ممالک کو فوری مالی مدد مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ سے تقریباً 58 ملین ڈالر کی درخواست جمع کرائی ہے۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی آفات سے متاثرہ افراد تک مالی امداد فوری پہنچنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ، زراعت، پانی اور بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کے لیے سرمایہ کاری ضروری ہے۔شیری رحمٰن نے کہا کہ پاکستان کسی سے خیرات نہیں بلکہ ماحولیاتی انصاف اور مالی ذمہ داری کا مطالبہ کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کاپ 31 کو وعدوں کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے ماحولیاتی انصاف یقینی بنانا ہوگا۔

32

میں یکساں موضوعات مقرر کرنا مسلمانوں کے مذہبی آزادی میں مداخلت ہے۔امریکی پریس خبر رساں ادارہ مسلم نیٹ ورک ٹی وی میں شائع مطمان کے مطابق بھارت میں بی جے پی حکومت نے وسیع پیمانے پر جبری اخراج کرتے ہوئے 550 مسلمانوں کے گھر مسمار کر کے 4000افراد کو بے گھر کر دیا۔ممبئی کے علاقے مالاد میں ہندوتوا تنظیم کی نفرت انگیز مہم کے تحت شاپنگ مال میں مسلمانوں کے لیے نماز کی مختص جگہ مسمار کر دی گئی۔ہندوانتہاپسندوں نے سری نگر میں تختِ سلیمان کی درگاہ کے قریب نصب کلمہ طیبہ والے بورڈ کو اکھاڑ کر اسلامی شعائر کی بے حرمتی کی۔

33

اور نجی اثاثوں کی رجسٹری، تصدیق اور نگرانی کرے گی۔گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد نے ایک انٹرویو میں کہا کہ جو اثاثے سکوک کیلئے استعمال ہوں گے، ان کا ریکارڈ رکھا جائے گا، سکوک روایتی بانڈز کے برعکس سود کی بجائے حقیقی اثاثے کی ملکیت پر ہے۔جمیل احمد نے مزید کہا کہ تمام اثاثوں کی شناخت اور ملکیت ثابت کرنا ضروری ہے۔موٹرویز، عمارتیں، پاور پلانٹس اور زمین کا مکمل ریکارڈ ایک مرکزی رجسٹری میں محفوظ کیا جائے گا، اثاثے کی ملکیت، اس کی قیمت اور اس پر کسی قسم کے قرض یا دعوے کا ریکارڈ چیک کیا جائے گا۔وزارت خزانہ، سٹیٹ بینک، ایس ای سی پی اور لا ڈویژن قانونی و شرعی فریم ورک تیار کریں گی، کمپنی کے قیام کیلئے فریم ورک آئی ایم ایف کو بھی بھیجا جائے گا جس پر حتمی بات چیت ہوگی۔

34

کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پولیس سروس آف پاکستان کے 46ویں کامن ٹریننگ پروگرام سے تعلق رکھنے والے 16افسران کو ان کی موجودہ تعیناتیوں سے تبدیل کر کے فوری طور پر حکومت بلوچستان میں خدمات انجام دینے کے لیے بھیجا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں متعلقہ صوبائی حکومتوں اور محکموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مذکورہ افسران کو فوری طور پر ان کی موجودہ ذمہ داریوں سے فارغ کیا جائے تاکہ وہ بلوچستان حکومت میں اپنی نئی ذمہ داریاں سنبھال سکیں۔

35

ذریعے کھیتوں کی نقشہ بندی اور فصلوں کی صحت سے متعلق معلومات دستیاب ہوں گی۔جدید ڈیجیٹل نظام سے زرعی قرضوں کی نگرانی، ممکنہ خطرات کی نشاندہی اور تدارک کے انتظامات بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔کسانوں کو جدید زرعی مشاورت، فصلوں کی صورتحال اور منڈیوں کی قیمتوں تک ڈیجیٹل رسائی حاصل ہوگی۔

36

بھجوائے گئے قانونی نوٹس میں وزیراعلیٰ پنجاب سے 7روز کے اندر معافی مانگنے، سوشل میڈیا پوسٹیں حذف کرنے اور آئندہ ایسے الزامات سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔قانونی نوٹس میں مریم نواز سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ 7روز میں لگائے گئے الزامات پر معافی مانگیں اور ایکس سمیت سوشل میڈیا سے بے بنیاد الزامات والی پوسٹیں ڈیلیٹ کریں۔ نوٹس کے مطابق مریم نواز تحریری یقین دہانی کروائیں کہ آئندہ اس نوعیت کے ہتک آمیز الزامات نہ تو دہرائیں گی، نہ شائع کریں گی اور نہ ہی انہیں کسی دوسرے ذریعے سے پھیلائیں گی۔قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر 7روز میں معافی نہ مانگی گئی تو مرکزی مسلم لیگ قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے۔قانونی نوٹس مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو کی ہدایات پر ایڈووکیٹ محمد عامر حبیب کی جانب سے جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ مرکزی مسلم لیگ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باقاعدہ رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے۔مریم نواز نے اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس)ٹوئٹر(اور الیکٹرانک میڈیا پر مرکزی مسلم لیگ کو غیر قانونی پارٹی اور دہشت گرد پارٹی قرار دیا، یہ الزامات ہیں۔نوٹس کے مطابق مرکزی مسلم لیگ نے 2024 کے عام انتخابات میں پارٹی کے انتخابی نشان کرسی پر حصہ لیا، جبکہ 8نومبر 2026 کوحلقہ این اے 77 گوجرانوالہ کے ضمنی انتخاب میں دوسری بڑی جماعت کے طور پر سامنے آئی۔مرکزی مسلم لیگ نے قانونی نوٹس کے ذریعے مریم نواز سے معافی مانگنے اور آئندہ کسی بھی قسم کے الزامات لگانے سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

37

پاکستان اور کویت کے دیرینہ تعلقات بڑھتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے ذریعے نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہیں۔اس موقع پر پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔دوسری جانب پاکستان سٹیٹ آئل (پی ایس او) اور کویت پٹرولیم کارپوریشن نے توانائی کے شعبے میں گزشتہ 50سال سے جاری شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔معاہدے کے تحت پاکستان کے توانائی کے شعبے کی ترقی کے لیے ایندھن کی فراہمی، ریفائننگ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کیے جائیں گے، جبکہ توانائی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔پاکستان میں توانائی، سٹوریج اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اس پیش رفت کو اہم قرار دیا جا رہا ہے، توقع ہے کہ پاک کویت اقتصادی شراکت داری میں اضافے سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور دونوں ممالک کے تجارتی و معاشی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

38

بھجوائے گئے قانونی نوٹس میں وزیراعلیٰ پنجاب سے 7روز کے اندر معافی مانگنے، سوشل میڈیا پوسٹیں حذف کرنے اور آئندہ ایسے الزامات سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔قانونی نوٹس میں مریم نواز سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ 7روز میں لگائے گئے الزامات پر معافی مانگیں اور ایکس سمیت سوشل میڈیا سے بے بنیاد الزامات والی پوسٹیں ڈیلیٹ کریں۔ نوٹس کے مطابق مریم نواز تحریری یقین دہانی کروائیں کہ آئندہ اس نوعیت کے ہتک آمیز الزامات نہ تو دہرائیں گی، نہ شائع کریں گی اور نہ ہی انہیں کسی دوسرے ذریعے سے پھیلائیں گی۔قانونی نوٹس میں کہا گیا ہے کہ اگر 7روز میں معافی نہ مانگی گئی تو مرکزی مسلم لیگ قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے۔قانونی نوٹس مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو کی ہدایات پر ایڈووکیٹ محمد عامر حبیب کی جانب سے جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ مرکزی مسلم لیگ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں باقاعدہ رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے۔مریم نواز نے اپنے ذاتی سوشل میڈیا اکاؤنٹ ایکس)ٹوئٹر(اور الیکٹرانک میڈیا پر مرکزی مسلم لیگ کو غیر قانونی پارٹی اور دہشت گرد پارٹی قرار دیا، یہ الزامات ہیں۔نوٹس کے مطابق مرکزی مسلم لیگ نے 2024 کے عام انتخابات میں پارٹی کے انتخابی نشان کرسی پر حصہ لیا، جبکہ 8نومبر 2026 کوحلقہ این اے 77 گوجرانوالہ کے ضمنی انتخاب میں دوسری بڑی جماعت کے طور پر سامنے آئی۔مرکزی مسلم لیگ نے قانونی نوٹس کے ذریعے مریم نواز سے معافی مانگنے اور آئندہ کسی بھی قسم کے الزامات لگانے سے گریز کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

39

پاکستان اور کویت کے دیرینہ تعلقات بڑھتی سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے ذریعے نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہیں۔اس موقع پر پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔دوسری جانب پاکستان سٹیٹ آئل (پی ایس او) اور کویت پٹرولیم کارپوریشن نے توانائی کے شعبے میں گزشتہ 50سال سے جاری شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔معاہدے کے تحت پاکستان کے توانائی کے شعبے کی ترقی کے لیے ایندھن کی فراہمی، ریفائننگ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کیے جائیں گے، جبکہ توانائی کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جائے گا۔پاکستان میں توانائی، سٹوریج اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اس پیش رفت کو اہم قرار دیا جا رہا ہے، توقع ہے کہ پاک کویت اقتصادی شراکت داری میں اضافے سے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور دونوں ممالک کے تجارتی و معاشی تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

40

ریلوے میں ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیرڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے میں ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور آپریشنل نظام کی بہتری کے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کی آمدن میں اضافہ، خسارہ میں کمی اور مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100ارب روپے سے زائد آمدن حاصل کی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت پاکستان ریلوے رواں مالی سال میں 160ارب روپے آمدن کا ہدف حاصل کرے گی۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے کو مالی طور پر مستحکم، جدید اور منافع بخش ادارہ بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

41

مند طرز زندگی اپنانا ضروری ہے، ذیابیطس کے مریض باقاعدگی سے طبی معائنہ کروائیں اور ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے بیماریوں سے متعلق آگاہی اور احتیاطی تدابیر کو فروغ دینا ہوگا۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ کم آمدنی والے اور مستحق خاندانوں کو صحت کی سہولیات تک رسائی فراہم کرنا ریاست کی اہم ذمہ داری ہے۔چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ خواتین کی صحت اور بہتر معیار زندگی کے لیے آگاہی مہمات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ذیابیطس کے عالمی دن پر عہد کریں کہ اپنی اور اپنے پیاروں کی صحت کا خصوصی خیال رکھیں گے۔

42

ہمارا ہنر، ہماری پہچان کے عنوان سے منعقدہ خدیجۃ الکبریٰ نمائش سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری دنیا میں اس وقت افراتفری ہے، لوگوں کو حقوق نہیں مل رہے، امیر اور غریب کے درمیان بہت فرق ہے جبکہ مڈل کلاس بھی پس رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں اگر خواتین نوکری نہیں کریں گی تو گھر کیسے چلیں گے؟ پنجاب میں اس وقت 80 لاکھ بچیاں سکول نہیں جا رہیں، مریم نواز کا نظام بچیوں کو سکول نہیں بھیج رہا۔امیر جماعت اسلامی نے الزام عائد کیا کہ مریم نواز عوام کے پیسوں سے خریدے گئے جہاز پر اپنی بیٹی کی گریجویشن تقریب میں گئیں، پنجاب حکومت نے 15ہزار سکولوں کو آؤٹ سورس کر دیا ہے، نجی سکولوں میں بھی تعلیم کا دہرا معیار قائم کر دیا گیا ہے اور اچھی تعلیم کے لیے انتہائی زیادہ فیسیں وصول کی جاتی ہیں۔حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، بچیوں کی پیدائش، تعلیم اور تربیت جنت میں جانے کا راستہ ہے۔

43

خاندان کو غربت سے نکال کر خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔احسن اقبال نے کہا کہ والدین اس معاونت کو اپنی اولاد کی تعلیم اور ترقی پر خرچ کریں تاکہ آنے والی نسل خودکفیل بن سکے۔انہوں نے کہا کہ نارووال میں اعلیٰ تعلیم کے تمام بڑے مواقع فراہم کر دیے گئے ہیں، اب میڈیکل، انجینئرنگ اور ایگریکلچر کی تعلیم بھی نارووال میں دستیاب ہے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ تعلیم نوجوانوں کو کامیابی کے نئے آسمانوں تک پہنچائے گی، نئی نسل کو خودکفیل بنانے کے لیے تعلیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔احسن اقبال نے مزید کہا کہ حکومت کی معاونت مستحق خاندانوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے، والدین اپنی اولاد کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں تاکہ غربت کا خاتمہ اور خوشحالی کا خواب حقیقت بن سکے۔

44

کھڑی امریکی ہیرپیج نامی دریائی کروز کشتی کو ٹکر ماری۔ 5منزلہ مسافر بردار کشتی میں اس وقت تقریباً 129 مسافر اور عملے کے ارکان سوار تھے، ٹکر کے باعث کشتی میں پانی بھرنے لگا اور وہ ایک جانب جھک کر الٹ گئی۔ نیواورلینز کی میئر ہیلینا مورینو نے نیوز کانفرنس میں بتایا کہ کشتی میں سوار کسی بھی مسافر یا عملے کے رکن کو لاپتا قرار نہیں دیا گیا اور تمام افراد کا سراغ لگا لیا گیا ہے، دریائے مسیسیپی میں تیز بہاؤ اور مشکل حالات کے باوجود تمام افراد کو بحفاظت نکالنا واقعی ایک معجزہ ہے۔امدادی کارروائیوں میں کوسٹ گارڈ، پولیس، بندرگاہ کے عملے اور قریبی کشتیوں نے حصہ لیا، بعض افراد کو دریا میں گرنے کے بعد پانی سے نکالا گیا، جبکہ 2پولیس اہلکار بھی امدادی کارروائی کے دوران پانی میں اترے، زخمی ہونے والوں میں یہ اہلکار بھی شامل ہیں۔لوزیانا کے گورنر جیف لینڈری نے بھی امدادی کارروائیوں کو غیر معمولی قرار دیتے ہوئے کہا کہ دریائے مسیسیپی کوئی پرسکون تالاب نہیں بلکہ یہاں تیز بہاؤ اور خطرناک حالات کا سامنا رہتا ہے، ایسے حالات میں تمام مسافروں کو بحفاظت نکالنا بڑی کامیابی ہے۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق ٹینکر کو حادثے سے قبل اسٹیئرنگ نظام میں خرابی کا سامنا ہوا تھا،

رواں مالی سال این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبوں کو 1 ہزار 895 ارب روپے منتقل

پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا بجٹ سرپلس، بلوچستان کو خسارے کا سامنا رہا، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران وفاقی حکومت نے این ایف سی ایوارڈ کے تحت چاروں صوبوں کو مجموعی طور پر 1 ہزار 895 ارب روپے منتقل کیے، اس دوران پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا بجٹ سرپلس میں رہے جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد ساڑھے 3 کروڑ سے تجاوز کرگئی

کم از کم 30 منٹ تک چلنے کو معمول بنائیں، گھر کا کھانا کھائیں اور باہر کے کھانے سے اجتناب کریں، ماہرین کا مشورہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد ساڑھے 3 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے جب کہ ماہرین نے غیر صحت مند طرز زندگی کو اس مرض میں اضافے کی بڑی وجہ قرار دیا ہے۔ ماہرین طب کے مطابق حیدرآباد میں ہر 5 میں سے ایک شخص کو ذیابیطس کا عارضہ لاحق ہے اور یہ وہ بیماری ہے جس میں احتیاط نہ کرنا دیگر امراض کا سبب بنتا ہے لہٰذا بڑھتی عمر (باقی صفحہ 3 نمبر 18)



کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی ملک عادل خان بازئی کا اسلام آباد جیل سے رہائی کے بعد اپنی رہائشگاہ پر ملاقات کرنیوالوں حبیب کاکڑ، کے ہمراہ گروپ فوٹو

سہیل آفریدی سمیت 9 اراکین اسمبلی کی حراست آئینی عدالت میں چیلنج

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت میں ایک اہم آئینی درخواست دائر کی گئی، جس میں سہیل آفریدی اور بابر سلیم سواتی سمیت 9 اراکین اسمبلی کی گرفتاری اور حراست کو چیلنج کیا گیا ہے۔ اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کی جانب سے ایڈووکیٹ معظم بٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

مارکو روبیو کا عالمی فوجداری عدالت پر سخت حملہ، واشنگٹن کو چیلنج کرنے والوں کو دھمکی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے عالمی فوجداری عدالت (آئی سی سی) کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ امریکا اپنی خودمختاری اور قومی مفادات کے خلاف کسی بین الاقوامی ادارے کے فیصلوں کو قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر عالمی فوجداری عدالت نے امریکی شہریوں یا فوجی اہلکاروں کے خلاف اپنے فیصلوں پر عمل درآمد (باقی صفحہ 3 نمبر 19)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر منعقدہ تقریب میں سوونیئر وصول کر رہے ہیں

معاشرے میں خواتین کے حوالے سے بہت سے تحفظات ہیں، حافظ نعیم

امیر اور غریب کے درمیان بہت فرق ہے جبکہ مڈل کلاس بھی پس رہی ہے، خطاب

لاہور (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ معاشرے میں خواتین کے حوالے سے بہت سے تحفظات ہیں، اگر معاشرے میں عدل ہو تو خواتین بہت سی پریشانیوں سے بچ سکتی ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے پاک انٹرنیشنل بزنس فورم کے زیراہتمام (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

وفاقی وزیر برائے ریلوے سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور کی ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزارت (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا ذیابیطس کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئر پرسن سینیٹر روبینہ خالد نے ذیابیطس کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ذیابیطس ایک سنجیدہ مرض ہے، بروقت تشخیص اور احتیاطی تدابیر سے بیماری سے بچا ممکن ہے۔ بی آئی ایس پی سے جاری پیغام میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ذیابیطس سے بچا کے لیے متوازن غذا، باقاعدہ ورزش اور صحت (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

دہشتگرد پارٹی کا الزام، مرکزی مسلم لیگ کا مریم نواز کو قانونی نوٹس، معافی کا مطالبہ

7 روز میں معافی نہ مانگی گئی تو مرکزی مسلم لیگ قانونی کارروائی کا حق رکھتی ہے، قانونی نوٹس

لاہور (جی این ایم) مرکزی مسلم لیگ نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو پارٹی کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کرنے پر قانونی نوٹس بھجوا دیا۔ پارٹی کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

وزیراعظم سے کویتی ہم منصب کی ملاقات، دوطرفہ شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

پی ایس او اور کویت پٹرولیم کارپوریشن کا توانائی کے شعبے میں گزشتہ 50 سال سے جاری شراکت داری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف سے کویتی ہم منصب کی ملاقات میں دونوں ممالک نے دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنی رہائش گاہ پر ایک بزرگ شخص کے مسائل سن رہے ہیں

غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے: احسن اقبال

حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مالی معاونت کو بہتر مستقبل کی تعمیر کیلئے استعمال کیا جائے

والدین اس معاونت کو اپنی اولاد کی تعلیم اور ترقی پر خرچ کریں تاکہ آنے والی نسل خود کفیل بن سکے، وفاقی وزیر

نارووال (جی این ایم) احسن اقبال نے کہا ہے کہ غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے۔ اپنے آبائی حلقے نارووال میں پنجاب دھی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے مستحق خاندانوں کو خوشی کے اس موقع پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مالی معاونت کو بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے استعمال کیا جائے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے، والدین اپنی اولاد کی تعلیم کو زندگی کا سب سے بڑا مشن بنائیں، کیونکہ تعلیم یافتہ نسل ہی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

امریکہ، آئل ٹینکر کی ٹکر سے مسافر بردار کروز کشتی الٹ گئی، 32 افراد زخمی

حادثے میں کوئی ہلاک نہیں ہوا، 32 افراد ہسپتال میں زیر علاج ہیں، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی ریاست لوزیانا کے شہر نیواورلینز میں دریائے مسیسیپی پر ایک آئل ٹینکر کی مسافر بردار کروز کشتی سے ٹکر کے نتیجے میں کشتی الٹ کر جزوی طور پر ڈوب گئی، تاہم امدادی کارروائیوں میں تمام 180 مسافروں اور عملے کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ حادثے میں 32 افراد زخمی ہوئے۔ امریکی حکام کے مطابق اٹلانٹک اسفالٹ نامی ٹینکر نے بندرگاہ پر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ، گرینڈور (ہاشو) الرحمٰن گروپ کے زیراہتمام کوئٹہ میں تاجروں کے ساتھ بحریہ ٹاؤن فیز 8 کی افتتاحی تقریب کے موقع پر کنٹری ہیڈ ساجد جیلانی، سی ای او حارث یوسف، سید نبیل حسین شاہ کا مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے صدر سید عبدالقیوم آغا، انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ولی افغان اور دیگر تاجروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

حکومتی پالیسیوں نے بلوچستان کو سنگین بحرانوں سے دوچار کردیا، جمعیت

رہزنی اور بدامنی کے واقعات نے عوام کو عدم تحفظ سے دوچار کر رکھا ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کی مشکلات میں اضافے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اقبال کا پیغام نوجوان نسل کیلئے مشعلِ راہ ہے، بشیر احمد ماندائی

نوجوان علامہ اقبال کے افکار اپنا کر تعلیم اور کردار سازی پر توجہ دیں

کوئٹہ (جی این ایم) الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے زیراہتمام کوئٹہ، قلعہ سیف اللہ، مستونگ اور نصیرآباد میں یومِ اقبال کے حوالے سے تقریبات منعقد ہوئیں، جن سے خطاب کرتے ہوئے امیر ضلع نصیرآباد بشیر احمد ماندائی، امیر ضلع کوئٹہ حافظ نور علی، امیر ضلع قلعہ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور میڈیا دفاتر کی بندش کے خلاف سیاسی جماعتوں کی حمایت

بی یو جے کی پارلیمانی رہنماں سے ملاقاتیں، 17 نومبر کو گول میز کانفرنس میں شرکت کی دعوت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور کوئٹہ پریس کلب کے وفد نے بلوچستان اسمبلی میں مختلف سیاسی جماعتوں کے پارلیمانی رہنماں سے ملاقاتیں کر کے انہیں صحافیوں کے مسائل اور میڈیا دفاتر کی بندش کے خلاف 17 نومبر کو کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہونے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

لسبیلہ میں اغوا اور قتل کا جرم ثابت، مجرم اللہ بخش کو سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانہ

عظیم خان رونجھو قتل کیس کا فیصلہ، فروری 2025 میں قتل کرنے والے مجرم کو پھانسی کی سزا

اوتھل (یو این اے) لسبیلہ میں اغوا اور قتل کے سنگین مقدمے کا فیصلہ سنا دیا گیا، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لسبیلہ نے جرم ثابت ہونے پر مجرم اللہ بخش کو سزائے موت اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ لسبیلہ پولیس کے مطابق 13 نومبر 2026 کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لسبیلہ بمقام اوتھل کی عدالت نے تھانہ بیلہ میں درج مقدمہ نمبر 11/2025 کا فیصلہ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

دینی مدارس نسلِ نو کی دینی و اخلاقی تربیت کررہے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن

علماء اور دینی مدارس معاشرے میں اخوت اور ملی وحدت کے علمبردار ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کوئٹہ میں مختلف دینی مدارس کی سالانہ دستار بندی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ علما کرام اور دینی مدارس ہی معاشرے میں حقیقی روشن خیالی اخوت اور ملی وحدت کے علمبردار ہیں۔ ان بوریا نشین علما نے ہمیشہ رنگ و نسل قومیت علاقائیت اور ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر ہو کر معاشرے کے تمام طبقات اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو محبت و احترام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)



کوئٹہ، صوبائی وزیر صنعت وحرفت سردار کوہیار خان ڈومکی سے انکی رہائش گاہ پر علاقے کے عوام ملاقات کر رہے ہیں

لاہور، 2 غیر ملکی خواتین سے مبینہ زیادتی اور اغوا کا کیس، ملزم کی ضمانت منظور

لاہور (جی این ایم) سیشن کورٹ لاہور نے 2 غیر ملکی خواتین سے مبینہ زیادتی اور اغوا کے کیس میں گرفتار ملزم کی ضمانت منظور کر لی۔ ایڈیشنل سیشن جج رفاقت علی گوندل نے درخواست ضمانت پر حکم نامہ جاری کر دیا، عدالت نے ملزم کو 1 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ضمانت (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

بانی پی ٹی آئی سے لطیف کھوسہ کی ملاقات نے سلمان اکرم راجہ کو حواس باختہ کردیا، بیرسٹر سیف

پشاور (جی این ایم) سابق مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے لطیف کھوسہ کی ملاقات نے سلمان اکرم راجہ کو حواس باختہ کردیا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بطور پارٹی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ کی 2 سال کی مدت میں ناقص کارکردگی رہی۔ بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ سلمان اکرم راجہ اپنی نااہلی پر جوابدہی کے بجائے پارٹی رہنماؤں پر تنقید کر رہے ہیں۔ انکا کا (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

معدنی وسائل کی غیر آئینی بندر بانٹ کسی صورت قبول نہیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

معدنی وسائل پر فیصلوں سے پہلے مقامی عوام کو اعتماد میں لیا جائے

کوئٹہ (جی این ایم) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں اسلام آباد میں منعقدہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم (PMIF-2026) کے ذریعے پشتونخوا وطن اور ملک کے دیگر علاقوں کے معدنی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری کے لیے پیش (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مسافر ویگن بسوں گوچز اور ٹوڈی گاڑیوں میں کرائے نامے آویزاں کرنا قصہ پارینہ بن گیا

سبی کوئٹہ، سبی جیکب آباد، سبی تلی سمیت دیگر علاقوں میں سفر کرنے والے مسافر شدید مشکلات کا شکار

سبی (اے این این) مسافر ویگن بسوں گوچز اور ٹوڈی گاڑیوں میں کرائے نامے آویزاں کرنا قصہ پارینہ بن گیا ٹرانسپورٹر من مانے کرایے وصول کرنے لگے سبی کوئٹہ، سبی جیکب آباد، سبی تلی سمیت دیگر علاقوں میں سفر کرنے والے مسافر شدید مشکلات کا شکار، تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

منظم تنظیم اور سیاسی جماعت ہی قومی حقوق کی ضامن ہوتی ہے، مالک بلوچ

بلوچستان کے وسائل کے دفاع کے لیے تمام اقوام کو ساتھ ملانا چاہتے ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے نیشنل پارٹی کوئٹہ ایسٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی اور سینئر پارٹی دوستوں نے ملاقات کی۔ ملاقات میں کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ میں پارٹی کو مزید فعال، منظم اور عوامی سطح پر وسعت دینے کے لیے تمام تنظیمی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

یوکرین کی روس پر یلغار، ایک ہی رات میں 1200 ڈرونز داغ دیئے

کیف، ماسکو (جی این ایم) یوکرین نے روس پر ڈرونز کی قیامت خیز یلغار کرتے ہوئے ایک ہی رات میں 1200 ڈرونز داغ دیئے۔ روس کے بعض علاقوں میں ڈرون حملوں سے 7 افراد ہلاک، 17 زخمی ہوگئے جبکہ وولگوگراد کی آئل ریفائنری بھی آگ کی لپیٹ میں آگئی۔ ادھر روسی وزارت دفاع کی جانب سے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

برطانیہ میں امریکی فوجی اڈے کے اوپر ڈرونز کی پروازیں، سکیورٹی اہلکار حرکت میں آگئے

لندن (جی این ایم) برطانیہ میں امریکی فوجی اڈے آر اے ایف لیکن ہیتھ کے اوپر مشتبہ ڈرونز کی سرگرمی کے بعد سکیورٹی اہلکار حرکت میں آگئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی فضائیہ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس دوران کسی اہلکار، طیارے یا فوجی تنصیب کو نقصان نہیں پہنچا، امریکی فضائیہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے بطور قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ حلف اٹھا لیا

گورنر نہال ہاشمی نے حلف لیا، تقریب میں معزز ججز اور وکلا برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی

کراچی (جی این ایم) جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کے عہدے کا حلف لیا، گورنر ہاؤس میں ہونے والی حلف برداری کی تقریب میں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

جمعیت ضلع کوئٹہ کی مجلسِ عاملہ کا اجلاس، قائدِ جمعیت کیخلاف منفی پروپیگنڈا کی مذمت

کوئٹہ میں سرد موسم کے دوران گیس اور بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش، حکام فوری نوٹس لیں، اجلاس کا اعلامیہ

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلسِ عاملہ کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے خاندان کے خلاف ریاستی سطح پر جاری منفی پروپیگنڈے، میڈیا ٹرائل، بے بنیاد الزامات (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

عرب ممالک کا یمنی حوثیوں سے نمٹنے کے لئے 4 نکاتی منصوبہ تیار

حوثیوں کی کارروائیاں نہ صرف سعودی عرب بلکہ پوری عرب دنیا کے لیے خطرہ بنی ہوئی ہیں، ماہرین

صنعا (جی این ایم) یمنی حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب کو مسلسل میزائل اور ڈرون حملوں کا نشانہ بنائے جانے کے تناظر میں عرب ممالک کی مشترکہ پارلیمنٹ نے حوثیوں کے خلاف سیاسی، اقتصادی، قانونی اور سفارتی محاذوں پر ایک جامع لائحہ عمل تشکیل دے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ٹرمپ چین میں شی جن پنگ اور پیوٹن سے ملاقات کریں گے، وائٹ ہاؤس کی تصدیق

تینوں عالمی رہنماؤں کی ملاقات جمعرات کو شینزن میں ہونے کا امکان ہے، امریکی اخبار

واشنگٹن (جی این ایم) وائٹ ہاؤس نے تصدیق کی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ چین میں شی جن پنگ اور روسی ہم منصب ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترجمان وائٹ ہاؤس کا کہنا ہے کہ ملاقات میں جوہری ہتھیاروں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

تحریک انصاف میں گروپنگ نہیں، ڈسپلن کا فقدان ہے، شوکت یوسفزئی

نئے صوبوں کے قیام سے عوامی مسائل کے حل میں مدد ملے گی، پی ٹی آئی رہنماء

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف میں گروپنگ نہیں بلکہ ڈسپلن کا فقدان ہے۔ اپنے ایک بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا پارٹی قیادت کی جانب سے ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی پر انہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

پاکستان اور برطانیہ میں تجارت بڑھانے کے وسیع مواقع ہیں، ہائی کمشنر

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان سالانہ تجارت کا حجم 6 ارب پاؤنڈ تک پہنچ چکا ہے، ٹیپو عثمان

بریڈفورڈ (جی این ایم) برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے کہا ہے کہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان فن ٹیک اور ٹیکسٹائل سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ بریڈفورڈ میں ویسٹ یارکشائر پاکستان ٹریڈ، انویسٹمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 29)



کوئٹہ، ایئرپورٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران عمارت مسمار کی جارہی ہے

حکومت کا سکوک بانڈز کے اجرا کیلئے ایسٹ رجسٹری کمپنی بنانے کا فیصلہ

تمام اثاثوں کی شناخت اور ملکیت ثابت کرنا ضروری ہے، گورنر سٹیٹ بینک

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے سکوک بانڈز کے اجرا کیلئے ایسٹ رجسٹری کمپنی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق سکوک بانڈز کے اجرا کو آسان، شفاف اور تیز بنانے کیلئے نئی ایسٹ رجسٹری کمپنی قائم ہوگی، کمپنی سکوک کے اجرا کیلئے درکار سرکاری (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

بلوچستان میں پولیس افسران کی کمی پوری کرنے کا فیصلہ، گریڈ 18 کے 16 افسران تعینات

مذکورہ افسران کو فوری طور پر ان کی موجودہ ذمہ داریوں سے فارغ کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) وفاقی حکومت نے بلوچستان میں پولیس افسران کی کمی پوری کرنے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے پولیس سروس آف پاکستان کے گریڈ 18 کے 16 افسران کو ایک سال کے لیے حکومت بلوچستان کے سپرد کردیا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

گرین پاکستان انیشیٹیو کے تحت ڈیجیٹل زراعت کے فروغ کے لئے اہم پیش رفت

کسانوں کو جدید زرعی مشاورت، فصلوں کی صورتحال اور منڈیوں کی قیمتوں تک ڈیجیٹل رسائی حاصل ہوگی

اسلام آباد (جی این ایم) گرین پاکستان انیشیٹیو کے تحت ڈیجیٹل زراعت کے فروغ کے لئے لینڈ انفارمیشن اینڈ مینجمنٹ سسٹم (لمز) اور عسکری بینک کے درمیان اہم معاہدہ طے پا گیا۔ معاہدے کے تحت کسانوں کو ڈیجیٹل زرعی سہولیات اور مالی معاونت تک رسائی فراہم کی جائے گی۔ لمز کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم کسان کی پہچان عسکری بینک کو کسانوں کے ڈیجیٹل پروفائلز اور زمینوں کا جیو ریفرنسڈ ریکارڈ فراہم کرے گا۔ سیٹلائٹ ٹیکنالوجی اور جی پی ایس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

صوبے وقت کی ضرورت ہیں، تاہم طریقہ کار پر اعتراض ہے، مشعال

پی ٹی آئی صوبوں کی حمایت کرتی ہے، مگر عوامی رائے ضروری ہے

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنما مشعال یوسفزئی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی صوبوں کیخلاف نہیں، حمایت کرتے ہیں، بانی نے بھی کہا ہے صوبوں کے معاملے پر عوام سے پوچھا جائے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ صوبے وقت کی ضرورت ہیں لیکن طریقہ کار پر اعتراض ہے، بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے ہم بات چیت کریں گے، پی ٹی آئی صوبوں کیخلاف نہیں، (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کوپ 31 میں وعدوں کے بجائے ماحولیاتی انصاف یقینی بنایا جائے، شیری رحمٰن

فوسل فیول پر سالانہ 7 ہزار ارب ڈالر کی سبسڈی ماحولیاتی تحفظ پر خرچ ہونی چاہیے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ کوپ 31 میں صرف وعدے نہیں، ماحولیاتی انصاف اور متاثرہ ممالک کے لیے عملی اقدامات ہونے چاہئیں، دنیا میں فوسل فیول پر سالانہ 7 ہزار ارب ڈالر کی سبسڈی دی جارہی ہے، یہ وسائل ماحولیاتی تحفظ پر خرچ ہونے چاہئیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ کاپ 31 ماحولیاتی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

لطیف کھوسہ کے بیانات بے بنیاد اور حقائق کے برعکس ہیں، سلمان اکرم

عمران خان نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے لطیف کھوسہ کے بیانات کو بے بنیاد اور حقائق کے برعکس قرار دے دیا۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے علامہ ناصر عباس اور محمود اچکزئی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے حامی رہے ہیں، ریفرنڈم سے متعلق خدشات دور کرنا ضروری ہیں۔

مقبوضہ کشمیر سمیت دیگر بھارتی ریاستوں میں مسلمانوں کے مذہبی تشخص پر حملے جاری

ہندوانتہا پسندوں کی تختِ سلیمان درگاہ کے قریب نصب کلمہ طیبہ والے بورڈ کی بے حرمتی

سرینگر (جی این ایم) مذموم سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے مودی سرکار اقلیتوں کے مذہبی حقوق پر مسلسل وار اور نفرت انگیزی میں مصروف ہے۔ عالمی جریدہ دی ڈپلومیٹ کے مطابق مقبوضہ کشمیر میں انتہا پسند ہندوتوا حکومت کے سیاسی اقدامات مسلمانوں کی مذہبی زندگی کو براہ راست متاثر کر رہے ہیں۔ مودی حکومت کے زیر اثر وقف بورڈ کیجانب سے مساجد میں خطبات جمعہ (باقی صفحہ 3 نمبر 32)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین اظہر سے آل پاکستان مائنز اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین میر بہروز رکی کی قیادت میں وفد میر مدد خان سنجرانی، فتح شاہ اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

بھرتی برائے فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ)

سال 2026 (78 بیچ ریکروٹ)

1۔ فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ) میں مختلف آسامیاں خالی ہیں۔ بھرتی ہونے والے امیدواران کو بلوچستان کے اضلاع (قلات، خضدار، تربت، پنجگور، گوادر، خاران، واشک، لسبیلہ، کیچ، آوران اور چاغی) میں ڈیوٹی پر تعینات کیا جائے گا۔ فرنٹیئر کور (ساؤتھ) کی ٹیمیں مندرجہ ذیل مقامات پر بھرتی کریں گی۔

خواہشمند حضرات 23 نومبر 2026 تا 11 جنوری 2027 تک مندرجہ ذیل جگہوں پر بھرتی کیلئے تشریف لائیں۔

	بھرتی دفتر	تاریخ	وقت
ا۔	ہیڈکوارٹرز تفتان رائفلز، نوکنڈی	23 تا 11 جنوری 2027	صبح 8 بجے سے دوپہر 5 بجے تک
ب۔	ہیڈکوارٹرز مکران سکاؤٹس، آبسر کیمپ تربت	//	//
پ۔	ہیڈکوارٹرز پنجگور رائفلز، پنجگور	//	//
ث۔	ہیڈکوارٹرز خاران رائفلز، خاران	//	//
ٹ۔	ہیڈکوارٹرز دالبندین رائفلز، دالبندین	//	//
ج۔	ہیڈکوارٹرز دشت سکاؤٹس، میرانی ڈیم	//	//
چ۔	ہیڈکوارٹرز آواران ملیشیا، بیلہ	//	//
ح۔	ہیڈکوارٹرز قلات سکاؤٹس، خضدار	//	//
خ۔	ہیڈکوارٹرز بلیدہ سکاؤٹس، بلیدہ	//	//
د۔	ہیڈکوارٹرز مند ملیشیا، مند	//	//
ڈ۔	147 ونگ ہیڈکوارٹرز، حب چوکی بھرتی برائے امیدواران تمام اضلاع صوبہ سندھ	23 نومبر تا 11 جنوری 2027	صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک

	تعلیم	قد	عمر	چھاتی
2۔ معیار بھرتی برائے بلوچستان امیدواران (خصوصی رعایت)	پنجم اور اس سے زیادہ	5 فٹ	1/2 17 تا 30 سال	30 - 28 انچ
3۔ معیار بھرتی برائے سندھی امیدواران	کم از کم میٹرک	5 فٹ 5 انچ	1/2 17 تا 24 سال	32 - 30 انچ

4۔ **سہولیات**

ا۔ ایف سی کے جوانوں کی تنخواہ بھی آرمی کے جوانوں کے برابر	ب۔ مفت رہائش/کھانا
ب۔ دوران سروس آپ کے بیوی اور بچوں کا مفت علاج	ت۔ اندرون ملک بذریعہ روڈ، ریلوے اور پی آئی اے سفر کرنے کی صورت میں نصف کرایہ کی سہولت
ث۔ سال میں دو ماہ کی چھٹی بمع تنخواہ اور بروقت ضرورت ایمرجنسی چھٹی	ٹ۔ کارکردگی کی بناء پر اقوام متحدہ کے ساتھ بیرون ملک سروس کے مواقع
ج۔ بچوں کی مختلف تعلیمی اداروں میں تعلیم کی سہولت	چ۔ شہداء کے بچوں کیلئے مفت تعلیم اور رہائش کے لئے گھر
ح۔ پنشن گریجوٹی کی سہولت	

نوٹ:۔

1۔ وہ حضرات جن کی عمر 18 سال سے کم ہے ان کا فارم (ب) اور زائد عمر کیلئے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی ہے۔
2۔ تمام اصل تعلیمی اسناد / کمپیوٹرائزڈ فارم (ب)، ڈومیسائل، تمام دستاویزات کی تین عدد مصدقہ فوٹوسٹیٹ اور چار عدد پاسپورٹ سائز فوٹو اپنے ہمراہ لائیں۔
3۔ جعلی تعلیمی اسناد پیش کرنے والے کو حوالہ پولیس کیا جائے گا۔
4۔ وہ حضرات جن پر ایف آئی آر درج ہو یا سزا یافتہ ہوں وہ بھرتی کے لئے نااہل ہوگا۔
5۔ ٹیسٹ / انٹرویو کے لئے آنے والے ٹی اے / ڈی اے کے حقدار نہیں ہوں گے۔
6۔ اور اس سے زیادہ تعلیم اور کمپیوٹر میں مہارت رکھنے والوں اور ڈی اے ای / ٹیکنیکل ڈپلومہ کو ترجیح اور عمر میں ایک سال تک بی اے (BA) رعایت دی جائیگی۔
7۔ 31 جنوری 2027 کو خواہشمند لوکل بلوچ امیدواروں کی عمر کی حد 30 سال سے زیادہ اور 1/2 17 سے کم نہ ہو۔
8۔ 31 مارچ 2027 کو خواہشمند سندھی امیدواروں کی عمر کی حد 24 سال سے زیادہ اور 1/2 17 سے کم نا ہو۔
9۔ 1 میل دوڑ کے ٹیسٹ کے لئے PT شوز ساتھ لائیں اور تحریری ٹیسٹ کے لئے قلم اور امتحانی گتہ ساتھ لائیں۔
10۔ LTV/ HTV اور ڈرائیونگ لائسنس یافتہ جوانوں کو ترجیح دی جائیگی۔
11۔ مزید معلومات اور رہنمائی کے لئے ایف سی ہیلپ لائن 0852411818 / 0852411704 سے رابطہ کریں۔

لیفٹیننٹ کرنل برائے انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان (ساؤتھ)

(محمد سہیل طفیل)

PID (Q) 159 / 26